# میرے سوالات اور
# قرآن
# کے جوابات

بے شک ہم (اللہ) نے اس قرآن کو سمجھنے کے لئے آسان کر دیا۔
القمر 54 آیت 17



از
اعزاز افتخار

اے ہمارے رب، ہمیں دنیا میں بھی نعمت عطا فرما اور
آخرت میں بھی نعمت (بھلائی) عطا فرما۔ اور دوزخ کے عذاب سے بچا۔
البقرہ 2 آیت 201

اے ہمارے پروردگار ہم سے بھول چوک ہوگی یا خطا ہوگی ہو تو ہمیں نہ پکڑنا۔
اے ہمارے پروردگار ہم پر ایسا بوجھ نہ ڈالنا جو ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا۔
جس کی بوجھ اٹھانے کی ہم میں طاقت نہ ہو ہم سے درگزر فرما
ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما تو ہی ہمارا مالک ہے۔

طالب دعا
محمود ریاض صدیقی

# میرے سوالات اور

# قرآن

# کے جوابات

از

## اعزاز افتخار



کتاب کا نام: میرے سوالات اور قرآن کے جوابات

تاریخ اشاعت: اپریل 2011

تعداد: 3000

طباعت: سندھو پبلیکیشن ،حیدرآباد

0301-3565767

# پیش لفظ

مرحوم ومغفور والدمحترم جناب افتخارحسین صدیقی کے وصال کے بعدان کے ایصال وثواب کے لئے روزانہ قرآن شریف پڑھتے ہوئے خیال آیا کہ کیونکہ قرآن مجیدعربی زبان میں ہےاورہم میں سے زیادہ تر افراداس کوناظرہ پڑھتے ہیں قرآن کے اندر جواحکامات ہیں ان سے ہم عربی زبان کی ناواقفیت کے باعث مکمل آ گاہی حاصل نہیں کرپاتے گوکہ اس وقت بہت سے تراجم اورتفسیرات موجود ہیں اس کے باوجود ذہن میں یہ خیال آیا کہ چھوٹے چھوٹے سوالات کوچھوٹے چھوٹے قرآنی جوابات کے ذریعے اللہ کے پیغام کواس طرح مرتب کیا جائے کہ اس مصروف ترین زندگی میں تھوڑے سے مطالعہ سے اللہ کے کم ازکم عام احکامات سے آ گاہی حاصل ہوسکے تھوڑی سی ہمت اور پروردگارعالم کے نظرکرم کے باعث سوالات ذہن میں آتے گئے اوران کے جوابات قرآن سے ملتے گئے ۔ یہ چھوٹی سی کوشش ایک عام انسان کے اپنے ذہن میں آنے والے سوالات اورقرآنی آیات پر مشتمل ہے۔ان جوابات کے حصول کے لئے مولانا فتح محمد جالندھری صاحب جناب اشرف علی تھانوی صاحب اورسعودی عرب سے شائع شاہ فہدکی طرف سے حجاج کرام کے لئے ترجمہ شدہ قرآن مجید سے استفادہ کیا گیا ہے۔

زیرمطالعہ کتاب اپنے والدین بزرگوں ،مومنین اوراس کتاب کی اشاعت میں علمی اور مالی تعاون کرنے والوں کے بزرگوں کے ایصال وثواب کے لئے شائع کرکے تقسیم کی جارہی ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نادانستہ غلطی اورکوتاہی کومعاف کرتے ہوئے اس کوشش کوقبول فرمائے۔آمین


اعزازافتخارصدیقی

387بلاکBیونٹ نمبر8لطیف آبادحیدرآباد

680/17 انچولی فیڈرل بی ایریا کراچی

# فہرست مضامین


| سیریل نمبر | عنوان | سیریل نمبر | عنوان |
|---|---|---|---|
| 1 | توحید | 12 | زکواۃ وصدقات |
| 2 | شرک | 13 | حج وعمرہ |
| 3 | اللہ کی حمد وثناء | 14 | حقوق العباد |
| 4 | شیطان | 15 | ماں باپ |
| 5 | انسان | 16 | میاں بیوی |
| 6 | القرآن | 17 | نکاح |
| 7 | آدم | 18 | طلاق |
| 8 | توبہ | 19 | وراثت |
| 9 | رسالت | 20 | قیامت |
| 10 | نماز | 21 | جہنم |
| 11 | روزہ | 22 | جنت |

## اللہ کی حمد وثناء

1 تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لئے ہیں جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے قیامت کے دن کا مالک ہے
ہم اللہ ہی کی عبادت کرتے ہیں اور اسی سے مدد چاہتے ہیں۔

الفاتحہ 1 آیت 1 تا 5

2 اللہ تعالیٰ ہی معبود برحق ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں جو زندہ ہے اور سب کا تھامنے والا ہے۔ جس کو نہ اونگھ
آتی ہے اور نہ ہی نیند اس کی ملکیت میں زمین و آسمان کی تمام چیزیں ہیں کون ہے جو اس کی اجازت کے بغیر اس کے
سامنے شفاعت کرسکے وہ جانتا ہے جو ان کے سامنے ہے اور جو ان کے پیچھے ہے اور اس کے علم میں سے کسی چیز کا احاطہ
نہیں کرسکتے مگر جتنا وہ چاہے اس کی کرسی کی وسعت نے زمین و آسمان گھیر رکھا ہے اور اللہ ان کی حفاظت سے نہ تھکتا
ہے اور نہ اکتاتا ہے وہ تو بہت ہی بلند اور بہت بڑا ہے البقرہ 2 آیت 255

3 کہو کہ اللہ ایک ہے اللہ بے نیاز ہے نہ اس سے کوئی پیدا ہوا اور نہ وہ کسی سے اور نہ ہی اسکا کوئی ہم سر ہے۔

اخلاص 112 آیت 1 تا 4

4 وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں چھپے اور کھلے کا جاننے والا مہربان اور بہت رحم کرنے والا
ہے۔ وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں بادشاہ نہایت پاک سب عیبوں سے صاف امن دینے والا نگہبان غالب
زور آور اور بڑائی والا ہے پاک ہے اللہ ان چیزوں سے جنہیں وہ اسکا شریک بناتے ہیں وہی اللہ ہے پیدا کرنے والا
وجود بخشنے والا صورت بنانے والا اُسی کے لئے نہایت اچھے نام ہیں ہر وہ چیز خواہ وہ آسمانوں میں ہو یا زمین میں ہو وہ اللہ
کی پاکی بیان کرتی ہے وہ ہی غالب وحکمت والا ہے۔ الحشر 59 آیت 22 تا 24

5 آپ ﷺ کہہ دیجئے کہ میرا پالنے والا اللہ ہے اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اس کے اوپر میرا
بھروسہ ہے اور اسی کی طرف میرا رجوع ہے۔ الرعد 13 آیت 30

6 وہ ہی اللہ ہے جس نے مجھ کو پیدا کیا میری رہبری فرماتا ہے وہ ہی مجھے کھلاتا ہے اور جب میں بیمار ہوتا ہوں
تو مجھے شفاء دیتا ہے۔ وہ ہی مجھے مار ڈالے گا اور وہ ہی مجھے دوبارہ زندہ کرے گا اور جس سے امید بندھی ہوئی ہے کہ وہ روز
جزا میرے گناہوں کو بخش دے گا



الشعراء 26 آیت 78 تا 82

7 بے شک وہ اللہ جو آسمان سے پانی برساتا ہے اور اس پانی کو زمین میں چشمے بنا کر جاری کرتا ہے اور پھر اس
سے کھیتیاں اگاتا ہے جس کے طرح طرح کے رنگ ہوتے ہیں۔

الزمر 39 آیت 21

8 آپ کا رب جو عزت والا اور ہر چیز سے جو (مشرک) بیان کرتے ہیں پاک ہے پیغمبروں پر سلام سب تعریف
اللہ ہی کے لئے ہے جو تمام جہانوں کا رب ہے۔

الصفت 37 آیت 182-180

9 آسمان و زمین پر جو ہے وہ سب اللہ کی تسبیح بیان کررہے ہیں وہ زبردست اور باحکمت ہے آسمان اور زمین کی
بادشاہی اسی کی ہے وہی زندگی دیتا ہے اور وہی موت وہ ہر چیز پر قادر ہے وہ ہی پہلے ہے اور وہ ہی پیچھے وہ ہی ظاہر ہے اور
وہی مخفی اور ہر چیز کو بخوبی جاننے والا ہے

الحدید 57 آیت 1 تا 3

## توحید

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے سب سے پہلے کیا چیز دیکھ کر کہا کہ یہ میرا رب ہوسکتا ہے؟

ج: جب رات کی تاریکی چھاگئی تو آپ (ابراہیم علیہ السلام) نے ایک ستارہ دیکھا اور کہا کہ یہ میرا رب ہوسکتا
ہے۔ انعام 6 آیت 76

سوال: ستارے کے بعد کس چیز کو دیکھ کر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اسے اپنا رب قرار دیا؟

ج: اور جب چاند کو چمکتا دیکھا تو کہا کہ یہ میرا رب ہے۔ انعام 6 آیت 77

سوال: چاند کے بعد کس کو اپنا رب کہا؟

ج: جب سورج کو چمکتا دیکھا تو کہا کہ یہ میرا رب ہے اور یہ سب سے بڑا ہے۔

انعام 6 آیت 78

سوال: آخر میں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کیا فیصلہ کیا؟

ج: جب سورج غروب ہو گیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا کہ بے شک میں تمھارے شرک سے بیزار ہوں۔ میں اپنا رخ اس کی طرف کرتا ہوں جس نے آسمانوں اور زمینوں کو پیدا کیا یکسو ہو کر اور میں شرک کرنے والوں میں سے نہیں ہوں۔ انعام 6 آیت 79

سوال: ہمارے کتنے معبود/الٰہ ہیں؟

ج.1: ہمارا معبود خدائے واحد ہے اس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں

البقرہ 2 آیت 163

2. اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔ التغابن 64 آیت 13

3. کہو کہ اللہ ایک ہے۔ اخلاص 112 آیت 1

4. وہ اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ الحشر 59 آیت 22

5. اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ آل عمران 3 آیت 62

سوال: کیا اللہ کو کسی نے پید کیا؟

ج: نہ ہی کسی سے وہ (اللہ) پیدا ہوا اخلاص 112 آیت 3

سوال: کیا اللہ کی اولاد ہے؟

ج: اللہ ہی معبود واحد ہے اس سے پاک ہے کہ اس کی اولاد ہو۔ النساء 4 آیت 171



سوال: کیا اللہ نے کسی کو پیدا کیا؟

ج: نہ ہی اس سے کوئی پیدا ہوا۔ اخلاص 112 آیت 3

سوال: کیا اللہ کے برابر یا ہمسر کوئی ہے؟

ج: اور کوئی اسکا (اللہ) کا ہمسر نہیں۔ اخلاص 112 آیت 4

سوال: کیا اللہ کو نیند یا اُونگھ آتی ہے؟

ج: اللہ کو نہ نیند آتی ہے اور نہ اُونگھ البقرہ 2 آیت 255

سوال: کیا اللہ صرف اس دنیا کا رب ہے؟

ج: وہ اللہ تو تمام جہانوں کا رب ہے۔ حٰم السجدہ 41 آیت 9

2 سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے جو تمام جہانوں کا رب ہے۔

الفاتحہ 1 آیت 1

سوال: دن کو رات میں کون داخل کرتا ہے؟

ج: اللہ ہی رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں لے جاتا ہے اللہ ہی بے جان سے جاندار پیدا کرتا ہے اور جاندار سے بے جان۔ اللہ ہی جسے چاہتا ہے بے شمار روزی عطا کرتا ہے۔

آل عمران 3 آیت 27

سوال: اللہ کس چیز سے ڈراتا ہے؟

ج: اللہ تعالیٰ خود تمھیں اپنی ذات سے ڈراتا ہے اور اللہ ہی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

آل عمران 3 آیت 28

سوال: کیا اللہ کافروں کو ہدایت دیتا ہے؟

ج: بے شک اللہ کافروں کو ہدایت نہیں دیتا۔ المائدہ 5 آیت 67

سوال: اللہ کے سوا کوئی کسی کو فائدہ یا نقصان دے سکتا ہے؟

ج: اللہ اگر کسی کو نقصان یا تکلیف پہنچائے تو اس کو دور کرنے والا کوئی نہیں۔ اور وہ کسی کو فائدہ/راحت پہنچائے تو اسے کوئی روکنے والا نہیں وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ انعام 6 آیت 17

سوال: کیا اللہ کے سوا کسی اور کی عبادت کرنی چاہیئے؟

ج: آپ ﷺ کہہ دیجئے کہ جن کو تم خدا کے سوا پکارتے ہو مجھے ان کی عبادت سے منع کیا گیا ہے اور یہ بھی کہہ دیں کہ میں تمھاری خواہشوں پر نہیں چلوں گا کیونکہ اسطرح میں گمراہ ہو جاؤں گا۔

انعام 6 آیت 56

سوال: انسان کو غم اور مصیبت سے کون نجات دیتا ہے؟

ج: کہو کہ خدا ہی انسان کو اس تنگی اور سختی سے نجات دیتا ہے۔ انعام 6 آیت 64

سوال: جو لوگ اللہ کے سوا دوسرے معبود مانتے ہیں انکی مثال کیسی ہے؟

ج: جن لوگوں نے اللہ کے سوا اور معبود (کارساز) بنالیے ہیں ان کی مثال مکڑی کی سی ہے وہ بھی ایک گھر بنا لیتی ہے حالانکہ سب سے زیادہ کمزور گھر مکڑی ہی کا ہے کاش یہ لوگ جان لیتے۔

العنکبوت 29 آیت 41

سوال: تمام تعریفیں کس کے لئے ہیں؟

ج: تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لئے ہیں۔ 1 الفاتحہ 1 آیت 1

2 المومن 40 آیت 65

سوال: دعا کس سے مانگنی چاہیئے؟

ج: اور تم مجھ (اللہ) ہی کو پکارو اور میں (اللہ) تمھاری دعا قبول کروں گا۔

المومن 40 آیت 60



سوال: اللہ کی کرسی کی وسعت کتنی ہے؟

ج: اللہ کی کرسی کی وسعت نے زمین اور آسمان کو گھیر رکھا ہے۔ البقرہ 2 آیت 255

سوال: زمین و آسمان بنانے سے قبل اللہ کا عرش کس پر تھا؟

ج: اللہ وہ ہی ہے جن نے چھ دن میں آسمان و زمین بنائے اور اس کا عرش پانی پر تھا۔

ھود 11 آیت 7

سوال: اللہ کو کتنا یاد کرنا چاہیئے؟

ج: مسلمانوں اللہ کا بہت زیادہ ذکر کیا کرو اور صبح و شام اس کی پاکیزگی بیان کیا کرو۔

الاحزاب 23 آیت 41-42

سوال: اللہ کس چیز پر قادر ہے؟

ج: اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ 1 الانعام 6 آیت 217 آل عمران 3 آیت 26

سوال: بادشاہی عزت و ذلت کون دیتا ہے؟

ج: اللہ جس کو چاہے بادشاہی دے۔ جس سے چاہے بادشاہی چھین لے۔ جن کو چاہے عزت دے اور جس کو چاہے ذلت دے ہر طرح کی بھلائی اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے۔

آل عمران 3 آیت 26

سوال: مشرق و مغرب کا مالک کون ہے؟

ج 1: آپ ﷺ کہہ دیجئے کہ مشرق اور مغرب کا مالک اللہ ہی ہے وہ جسے چاہے سیدھی راہ کی ہدایت کردے

البقرہ 2 آیت 142

2 اللہ رب ہے دونوں مشرقوں اور مغربوں کا الرحمٰن 55 آیت 17

سوال: زمین اور آسمان کا مالک کون ہے؟

ج 1: اللہ ہی کی ملکیت میں ہے زمین و آسمان کی ساری چیزیں ہیں۔ البقرہ 2 آیت 255

2 آسمان اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کی ہے۔ الحدید 57 آیت 2

سوال: زمین و آسمان کو اللہ نے کتنے دنوں میں بنایا؟

ج 1: اللہ نے زمین و آسمان کو چھ دن میں پیدا کیا۔ الحدید 57 آیت 4

2 وہ اللہ ہی ہے جس نے چھ دن میں زمین و آسمان کو پیدا کیا۔ ھود 11 آیت 7

سوال: زمین پہاڑ اور اس کے خزانے اللہ نے کتنے دنوں میں بنائے؟

ج: اللہ ہی نے زمین میں پہاڑ بنائے زمین میں برکت رکھی اور ہمیں رہنے والوں کے لئے سامان معیشت رکھ دیا یہ سب چار دن میں کیا۔ حم السجدہ 41 آیت 10

سوال: اللہ نے آسمان وستارے کتنے دنوں میں بنائے؟

ج: اللہ نے دو دن میں سات آسمان بنائے اور ہر آسمان میں اس میں اللہ کے مناسب احکام/ وحی بھیجی اور اللہ نے آسمان کو ستاروں کی زینت سے مزین کیا۔ حم السجدہ 41 آیت 12

سوال: ستاروں کا آسمان کی زینت کے علاوہ اور کیا کام ہے؟

ج 1: اللہ نے آسمان کو چراغوں (ستاروں) سے آراستہ کیا اور ان کو شیطانوں کے مارنے کا ذریعہ بنایا۔

الملک 67 آیت 5

2 اگر کوئی شیطان عالم بالا سے فرشتوں کی بات سننے کی کوشش کرے تو ان کے پیچھے ایک دہکتا ہوا شعلہ (ستارہ) لگ جاتے ہے۔ الصفت 37 آیت 10

3 اللہ ہی نے تمھارے لئے ستارے پیدا کیئے تا کہ ان کے زریعے تم اندھیروں میں خشکی اور دریاؤں میں راستہ معلوم کرسکو۔ انعام 6 آیت 97

سوال: زمین و آسمان کی میراث کا مالک کون ہے؟

ج: زمین و آسمان کی میراث کا مالک (تنہا) اللہ ہے۔ الحدید 57 آیت 10



سوال: زمین و آسمان میں جو ہے وہ کس کی تسبیح کرتے ہیں؟

ج 1: زمین اور آسمان میں جو کچھ بھی ہے وہ اللہ کی تسبیح کر رہے ہیں۔ الحدید 37 آیت 1

2 زمین و آسمان کی تمام چیزیں اللہ ہی کی پاکی (تسبیح) بیان کرتی ہے۔

التغابن 64 آیت 1 الجمعہ 62 آیت 1

سوال: آسمان کو زمین پر گرنے سے کون بچاتا ہے؟

ج: اللہ ہی نے آسمان کو تھام رکھا ہے کہ زمین پر اس کی اجازت سے نہ گر پڑے۔

الحج 22 آیت 65

سوال: کیا اللہ کی حلال قرار دی ہوئی چیزوں کو حرام قرار دیا جا سکتا ہے؟

ج: اے ایمان والوں اللہ نے جو پاکیزہ چیزیں تمھارے لئے حلال کر دی ہیں ان کو حرام مت کرو اور حد سے آگے مت نکلو بے شک اللہ حد سے آگے نکلنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

المائدہ 5 آیت 87

سوال: کیا اللہ زمین و آسمان کا نور ہے؟

ج: اللہ زمین و آسمان کا نور ہے۔ النور 24 آیت 35

سوال: اللہ کے اس نور کی مثال کیسی ہے؟

ج: اللہ کے نور کی مثال ایسی ہے گویا ایک طاق ہے جسمیں چراغ ہے اور چراغ ایک قندیل میں ہے اور قندیل (ایسی شفاف ہے کہ) گویا موتی کا سا چمکتا ہوا تارا ہے اس میں ایک مبارک درخت کا تیل جلایا جاتا ہے (یعنی) زیتون کہ نہ مشرق کی طرف ہے اور نہ مغرب کی طرف (ایسا معلوم ہوتا ہے کہ) اس کا تیل خواہ اس کو آگ بھی نہ چھوئے جلنے کو تیار ہے (بڑی) روشنی پر روشنی (ہو رہی ہے) اللہ اپنے نور سے جس کو چاہتا ہے سیدھی راہ دکھاتا ہے۔

النور 24 آیت 35

سوال: کیا صرف انسان ہی دنیا میں اللہ کی تسبیح بیان کرتا ہے؟

ج: کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے اللہ کی تسبیح کرتے ہیں اور پر پھیلائے ہوئے جانور بھی اور سب اپنی نماز اور تسبیح (کے طریقے) سے واقف ہیں اور جو کچھ وہ کرتے ہیں اللہ اس سے بخوبی واقف ہے۔

النور 24 آیت 41

سوال: زمین پر بارش کون برساتا ہے؟

ج: کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ بادلوں کو چلاتا ہے ان کو آپس میں ملا دیتا ہے اور ان کو تہ بہ تہ کر دیتا ہے اور پھر آپ دیکھتے ہیں کہ ان کے درمیان سے بارش برساتا ہے اور وہ ہی آسمان میں اولوں کے پہاڑوں سے اولے برساتا ہے اور جس پر چاہتا ہے برسا دیتا ہے اور جس پر چاہے ہٹا دیتا ہے۔

النور 24 آیت 43

سوال: اللہ نے چلنے پھرنے والے جاندار کو کس سے پیدا کیا؟

ج: اللہ نے ہر چلنے پھرنے والے جاندار کو پانی سے پیدا کیا ان میں بعض ایسے ہیں جو پیٹ کے بل چلتے ہیں۔ بعض دو پاؤں پر چلتے ہیں اور بعض ایسے ہیں جو چار پاؤں پر چلتے ہیں اللہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

النور 24 آیت 45

سوال: اللہ کن پر رحمت کرتا ہے؟

ج: اور نماز پڑھتے رہو زکواۃ دیتے رہو اور پیغمبر (اللہ) کے فرمان پر چلتے رہو تاکہ تم پر رحمت کی جائے۔

النور 24 آیت 56



## شرک

سوال: شرک کیا ہے؟

ج:1 اور جس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک بنایا وہ رستے سے دور گمراہی میں جا پڑا۔

النساء 4 آیت 116

2 بعض لوگ ایسے ہیں جو غیر اللہ کو شریک (اللہ) بناتے ہیں اور ان سے اللہ کی سی محبت کرتے ہیں۔

البقرہ 2 آیت 165

سوال: کیا شرک اچھا کام ہے؟

ج: شرک تو بہت بڑا (بھاری) ظلم ہے۔ لقمان 31 آیت 13

سوال: کیا شرک کرنے والے کے لئے معافی ہے؟

ج: اللہ اس کے گناہ نہیں بخشے گا جس نے اس کے ساتھ شریک مقرر کیا۔

النساء 4 آیت 116

سوال: شرک کرنے والوں کے عمل کیا ہوتے ہیں؟

ج: اگر تم نے شرک کیا تو تمھارے اعمال برباد ہو جائیں گے اور بالیقین تو زیاں کاروں میں سے ہو جائے گا۔

الزمر 39 آیت 65

2 جو لوگ شرک کرتے ہیں وہ جو کچھ عمل کرتے ہیں سب ضائع ہو جائیں گے

انعام 6 آیت 88

سوال: شرک کرنے والوں کو ٹھکانا کہاں ہے؟

ج: جو شخص اللہ کے ساتھ شرک کرے گا تو اللہ اس پر جنت حرام کر دے گا اور اسکا ٹھکانہ دوزخ ہے۔

المائدہ 5 آیت 72

سوال: شرک کرنے والے کے لئے بخشش کی دعا کرنی چاہیئے؟

ج: پیغمبر اور مسلمانوں کے لئے یہ شایاں نہیں کہ جب ان پر ظاہر ہو گیا کہ مشرک اہل دوزخ ہیں تو ان کے لئے بخشش مانگیں۔ گو وہ ان کے قرابت دار ہی نہ ہو۔

التوبہ 9 آیت 113

سوال: قیامت کے دن اللہ شرک کرنے والوں سے کیا کہے گا؟

ج: اور جس دن (اللہ) ان کو پکارے گا کہ میرے شریک کہاں ہیں۔

حٰم السجدہ 41 آیت 47

سوال: مشرک لوگ اللہ کو کیا جواب دیں گے؟

ج: وہ کہیں گے کہ ہم تجھ سے عرض کرتے ہیں کہ ہم میں سے کسی کو ان کی خبر نہیں، وہ سارے معبود جن کو اللہ کے سوا (مشرک لوگ) پکارتے تھے غائب (گم) ہو جائیں گے۔

حٰم السجدہ 41 آیت 47-48

## آدم

سوال: زمین اور آسمان بنانے کے بعد اللہ نے فرشتوں سے کیا کہا؟

ج:1 اللہ نے فرشتوں سے کہا کہ میں زمین پر اپنا نائب (خلیفہ) بنانے والا ہوں۔

البقرہ 2 آیت 30

2 میں (اللہ) مٹی سے انسان پیدا کرنے والا ہوں۔ ص 38 آیت 71

سوال: فرشتوں نے جواب میں کیا کہا؟

ج: فرشتوں نے اللہ سے کہا کہ تو ایسے شخص کو کیوں پیدا کرے جو زمین پر فساد پھیلائے اور خون بہائے ہم تیری تسبیح اور پاکیزگی بیان کرنے والے ہیں۔ البقرہ 2 آیت 30



سوال: اللہ نے حضرت آدم علیہ السلام کو کس چیز سے بنایا؟

ج: اللہ نے انسان کو سڑی اور کھنکھناتی ہوئی مٹی سے پیدا کیا۔ الحجر 15 آیت 28 اور 26

2 اللہ نے فرشتوں سے فرمایا کہ میں انسان کو مٹی سے پیدا کرنے والا ہوں۔

ص 39 آیت 71

3 انسان کو بجنے والی مٹی سے پیدا کیا جو ٹھیکری کی طرح تھی۔ الرحمٰن 55 آیت 14

سوال: حضرت آدم علیہ السلام کو تمام چیزوں کے نام کس نے بتائے؟

ج: اللہ نے حضرت آدم علیہ السلام کو تمام چیزوں کے نام بتائے۔ البقرہ 2 آیت 31

سوال: جب اللہ نے فرشتوں سے نام معلوم کیے تو فرشتوں نے کیا جواب دیا؟

ج: فرشتوں نے جواب دیا کہ اے اللہ تیری ذات پاک ہے ہم کو صرف اتنا ہی علم ہے جتنا تم نے ہم کو سکھایا۔

البقرہ 2 آیت 32

سوال: اللہ نے فرشتوں کو آدم کو سجدہ کرنے کے لئے کہا تو کس نے نہیں کیا؟

ج: سب فرشتوں نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے انکار کیا۔ البقرہ 20 آیت 32

2 سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے وہ سجدہ کرنے والوں میں سے نہیں تھا۔

الاعراف 7 آیت 11

3 مگر ابلیس نے نہیں کیا۔ ص 38 آیت 74

سوال: اللہ نے آدم علیہ السلام کو کہاں رکھا؟

ج: اے آدم تم اور تمھاری بیوی جنت میں رہو اور جہاں سے چاہو کھاؤ۔

البقرہ 2 آیت 35، الاعراف 7 آیت 9

سوال: اللہ نے آدم علیہ السلام کو جنت میں کیا کرنے سے منع کیا؟

ج: اس درخت کے پاس نہ جانا ورنہ ظالم ہو جاؤ گے۔ البقرہ 2 آیت 35

2 اس درخت کے پاس نہ جانا ورنہ دونوں ظالموں میں سے ہو جاؤ گے۔

الاعراف 7 آیت 19

سوال: نافرمانی کا کام کرکے آدم علیہ السلام نے کیا دیکھا؟

ج: جب دونوں نے درخت کو چکھا تو دونوں کی شرم گاہیں ایک دوسرے کے روبرو بے پردہ ہوگئیں اور دونوں جنت کے پتے توڑ کر اپنے اوپر رکھنے لگے۔ الاعراف 7 آیت 22

سوال: اللہ نے آدم علیہ السلام کو جنت سے نکال کر کہاں بھیجا؟

ج: اللہ نے آدم علیہ السلام سے کہا کہ جنت سے چلے جاؤ تم ایک دوسرے کے دشمن ہو تمھارے لئے دنیا میں ایک مقررہ مدت تک ٹھکانا اور معاش مقرر کر دیا گیا ہے۔

البقرہ 2 آیت 36

2 اللہ نے فرمایا کہ تم نیچے ایسی حالت میں جاؤ کہ باہم ایک دوسرے کے دشمن ہو گے۔اور تمھارے واسطے زمین میں رہنے کی جگہ اور نفع حاصل کرنا ہے ایک وقت تک۔

الاعراف 7 آیت 24

سوال: حضرت آدم علیہ السلام کے دو بیٹوں کا کیا واقعہ ہے؟

ج: حضرت آدم علیہ السلام کے دو بیٹوں نے نذرانہ پیش کیا ان میں سے ایک کی نذر قبول ہوگئی اور دوسرے کی قبول نہیں ہوئی تو وہ کہنے لگا کہ میں تجھے مار ڈالوں گا مگر اس نے کہا کہ اللہ تقویٰ کرنے والوں ہی کا عمل قبول کرتا ہے گو تو میرے قتل کی دست درازی کرے گا مگر میں تیرے قتل کی طرف ہاتھ نہیں بڑھاؤں گا۔میں تو اپنے پروردگار عالم کا خوف کھاتا ہوں میں چاہتا ہوں کہ تو میرا گناہ اور اپنا گناہ اپنے سر رکھ لے اور دوزخیوں میں شامل ہو جائے ظالموں کا یہی بدلہ ہے پس اس کے نفس نے اپنے بھائی کو قتل پر آمادہ کر لیا اور اسے قتل کر دیا جس سے وہ نقصان پانے والوں میں شامل ہو گیا

المائدہ 5 آیت 28 تا 30



سوال: تدفین کا عمل اللہ نے کس طرح سکھایا؟

ج: پھر اللہ نے ایک کوّے کو بھیجا جو زمین کھود رہا تھا تاکہ وہ دکھائے کہ وہ کس طرح اپنے بھائی کی لاش کو چھپائے وہ کہنے لگا کہ ہائے افسوس میں اس کوّے سے بھی گیا گزرا ہوں کہ اس طرح اپنے بھائی کی لاش کو دفنا دیتا پھر تو وہ بڑا ہی پشیمان اور شرمندہ ہو گیا۔ المائدہ 5 آیت 31

سوال: تدفین کے بعد مٹی ڈالتے ہوئے کیا دعا پڑھتے ہیں؟

ج: اسی زمین سے ہم (اللہ) نے تم کو پیدا کیا اور اسی میں تمھیں لوٹائیں گے اور اسی سے دوسری دفعہ نکالیں گے۔

طٰہٰ 20 آیت 55

## انسان

سوال: انسان کو کس نے پیدا کیا؟

ج: اللہ نے ہی انسان کو پیدا کیا۔ الرحمٰن 55 آیت 3

2 وہ اللہ تعالیٰ ایسا ہے جس نے تم کو ایک تن واحد سے پیدا کیا۔

الاعراف 7 آیت 189

سوال: اللہ نے انسان کو کس طرح پیدا کیا؟

ج: انسان اچھلتے ہوئے پانی سے پیدا ہوا۔ الطارق 86 آیت 6

2 اللہ نے انسان کو بڑی مشقت میں پیدا کیا۔ البلد 90 آیت 4

3 اللہ نے انسان کو ٹھیکرے کی طرح کھنکھناتی مٹی سے پیدا کیا۔الرحمٰن 55 آیت 14

سوال: یہ اچھلتا ہوا پانی کہاں سے نکلتا ہے؟

ج: یہ اچھلتا ہوا پانی انسان کی پیٹھ اور سینے کی ہڈیوں کے درمیان سے نکلتا ہے۔

الطارق 86 آیت 7

سوال: انسان کوکس نے بولنا سکھایا؟

ج: اللہ ہی نے انسان کو بولنا سکھایا۔ الرحمٰن 55 آیت 4

سوال: اللہ نے انسان کو کس چیز سے علم سکھایا؟

ج: اللہ نے قلم سے انسان کو علم سکھایا۔ العلق 96 آیت 4

سوال: انسان کی آنکھیں زبان اور ہونٹ کس نے بنائے؟

ج: کیا اللہ نے انسان کی دو آنکھیں نہیں بنائی اور زبان اور ہونٹ نہیں بنائے۔

البلد 90 آیت 8,9

سوال: اللہ نے انسان کو کیسی شکل میں پیدا کیا؟

ج: اللہ نے انسان کو بہترین شکل وصورت میں پیدا کیا۔ التین 95 آیت 4

سوال: کیا انسان رب کا ناشکرا ہے؟

ج: یقیناً انسان اپنے رب کا بڑا ناشکرا ہے۔ العٰدیٰت 100 آیت 6

2 اگر ہم انسان کو کسی نعمت کا ذائقہ چکھا کر واپس لے لیتے ہیں تو وہ بہت ہی ناامید اور بڑا ہی ناشکرا بن جاتا ہے

ھود 11 آیت 9

سوال: کیا انسان جلد باز ہے؟

ج: انسان جلد باز مخلوق ہے اور اللہ اپنی نشانیاں دکھائے گا مگر تم جلد بازی نہ کرو۔

الانبیاء 21 آیت 37

سوال: کیا انسان خسارے میں ہے؟

ج: زمانے کی قسم بے شک انسان خسارے میں ہے۔ العصر 103 آیت 1,2

سوال: کونسے انسان خسارے میں نہیں ہیں؟

ج: سوائے ان کے جو ایمان لائے نیک عمل کرتے اور آپس میں حق بات کی تلقین کرتے اور صبر کی تاکید کرتے ہیں۔ العصر 103 آیت 3,4



سوال: اللہ انسان سے کتنا قریب ہے؟

ج: اللہ نے انسان کو پیدا کیا۔اس کے دل میں جو خیالات اٹھتے ہیں ان سے اللہ واقف ہے اور اللہ انسان کی شہ رگ سے زیادہ قریب ہے۔ ق 50 آیت 16

سوال: کیا اللہ انسان کو آزمائش میں مبتلا کرے گا؟

ج: کیا لوگوں نے یہ گمان کر رکھا ہے کہ ان کے اس دعویٰ پر کہ ہم ایمان لائے ہیں ہم ان کو بغیر آزمائے چھوڑ دیں گے۔ العنکبوت 29 آیت 2

سوال: اللہ کس طرح آزماتا ہے؟

ج: اللہ کسی نہ کسی طرح آزمائش ضرور کریں گے دشمن کے ڈر سے بھوک و پیاس سے مال و جان اور پھلوں میں کمی (نقصان) سے البقرہ 2 آیت 155

سوال: کونسے انسان خوف وغم سے مستثنیٰ ہونگے؟

ج: اللہ کی ہدایت ملنے کے بعد اللہ کی تابعداری کرنے ولوں پر کوئی خوف ہوگا اور نہ غم۔

البقرہ 2 آیت 38

2 جو کوئی بھی اللہ اور روز قیامت پر ایمان لائے گا اس کے بعد نیک عمل کرے تو انکا اجر ان کے رب کے پاس ہے ان پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ اداسی۔ البقرہ 2 آیت 62

سوال: اللہ کے اصل بندے کون ہیں؟

ج: اللہ کے بندے تو وہ ہیں جو زمین پر آہستگی کے ساتھ چلتے ہیں۔اور جب جاہل لوگ جاہلانہ گفتگو کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ سلام۔جو اپنے رب کے سامنے سجدے اور قیام کرتے ہوئے راتیں گزار دیتے ہیں اور جو دعا کرتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم سے دوزخ کے عذاب کو دور رکھ کیونکہ اسکا عذاب بڑی تکلیف دہ چیز ہے بے شک دوزخ ٹھہرنے اور رہنے کی بدترین جگہ ہے جب خرچ کرتے ہیں تو نہ تو فضول خرچی کرتے ہیں اور نہ کنجوسی بلکہ اعتدال کے

ساتھ خرچ کرتے ہیں اور اللہ کے ساتھ کسی کو معبود نہیں قرار دیتے اور نہ ہی ناحق قتل کرتے ہیں ۔

الفرقان 25 آیت 67 تا 68

سوال: اللہ کے اطاعت گزار بندے کون ہیں؟

ج: یقیناً ایمان والوں نے فلاح حاصل کر لی ۔ جو نماز خشوع سے پڑھتے ہیں ۔ جو بے ہودہ بات منہ سے نہیں نکالتے ۔ جو زکواۃ دیتے ہیں ۔ جو اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرتے ہیں سوائے اپنی بیویوں اور (شرعی) لونڈیوں سے جو امانت اور وعدوں کی حفاظت کرتے ہیں ۔ اپنی نمازوں کی پابندی کرتے ہیں یہ ہی لوگ جنت الفردوس کے وارث ہے جسمیں وہ ہمیشہ رہیں گے ۔

المومنون 23 آیت 1 تا 11

سوال: چوری کرنے والے انسان کی کیا سزا ہے؟

ج: چوری کرنے والے مرد و عورت کے ہاتھ کاٹ دو۔ المائدہ 5 آیت 38

سوال: پرہیزگار انسانوں کی کیا نشانیاں ہیں؟

ج: اچھا اور پرہیزگار شخص وہ ہے جو اللہ تعالیٰ اور روز آخرت پر ایمان لاتا ہے۔ فرشتوں پر اللہ کی کتابوں پر نبی اور پیغمبروں پر ایمان لاتا ہے۔ جو مال سے محبت کرنے کے باوجود رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں (محتاجوں) مسافروں اور سوال کرنے والوں کو دے۔ غلام کو آزاد کرے، پھنسی ہوئی گردنوں کو چھڑائے، (اس میں غلاموں کی آزادی، مقروض کے قرض کی ادائیگی، دیت کی ادائیگی میں تعاون سب شامل ہیں) نماز کی پابندی اور زکواۃ کی ادائیگی کرے۔ وعدہ کرے تو اس کو پورا کرے، تنگدستی، لڑائی، دکھ و درد کے وقت صبر کرے یہ ہی سچے اور پرہیزگار لوگ ہیں ۔

البقرہ 2 آیت 177

سوال: اگر ایک مسلمان دوسرے مسلمان کو سلام کرے تو کیا کرنا چاہے؟

ج: جب تم کو سلام کیا جائے تو اس سے اچھا جواب دو یا ان ہی الفاظ کو لوٹا دو بے شک اللہ ہر چیز کا حساب لینے والا ہے۔



سوال: کون سے لوگ ہدایت پر ہیں؟

ج: جو لوگ نماز قائم کرتے ہیں اور زکواۃ دیتے ہیں اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں یہ ہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور یہ ہی لوگ نجات پانے والے ہیں ۔

لقمٰن 31 آیت 5

سوال: کیا ہر جاندار کو موت ہے؟

ج: ہر جاندار کو موت کا مزہ چکھنا ہے اور اللہ ہی ہر انسان کو تنگی اور خوشحالی سے آزمائش میں مبتلا کرتا ہے کہ انسان کو اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ الانبیاء 21 آیت 35

2: ہر متنفس موت کا مزہ چکھنے والا ہے اور پھر تم ہماری ہی طرف لوٹ کر آؤ گے ۔

العنکبوت 29 آیت 57

3: ہر متنفس کو موت کا مزہ چکھنا ہے اور تم کو قیامت کے دن تمہارے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جائیگا۔

آل عمران 3 آیت 185

سوال: کون سے انسان قیامت میں اندھے بنا کر اٹھائیں جائیں گے؟

ج: جو کوئی بھی اللہ کی یاد سے روگردانی کرے گا اس کی زندگی تنگی میں رہے گی اور اللہ قیامت کے دن اس کو اندھا کر کے اٹھائے گا کیونکہ وہ اللہ کی طرف سے آئی ہوئی آیتوں کو بھول گیا تھا تو قیامت کے دن اللہ بھی اسے بھول جائے گا۔ **طٰہٰ** 20 آیت 124 اور 126

سوال: بنی اسرائیل کو کس دن مچھلی کے شکار سے منع کیا گیا؟

ج: اللہ نے بنی اسرائیل کو یہ بھی حکم دیا کہ ہفتہ کے دن (مچھلیاں) پکڑنے میں تجاوز نہ کرنا۔

النساء 4 آیت 154

سوال: مسلمانوں کو خرید وفروخت کرنے سے کب منع کیا گیا ہے؟

ج: مومنوں جب جمعے کے دن نماز کے لئے آذان دی جائے تو اللہ کی یاد (یعنی نماز) کی جلدی کرو اور (خرید و) فروخت ترک کردو اگر سمجھو جو تمھارے حق میں بہتر ہے۔

الجمعہ 62 آیت 9

سوال: جمعہ کی نماز پڑھ کر کیا کرنا چاہیئے؟

ج: اور جب نماز ہو چکے تو اپنی اپنی راہ لو اور اللہ کا فضل تلاش کرو اور اللہ کو بہت یاد کرتے رہو تا کہ نجات پاؤ۔

الجمعہ 62 آیت 10

سوال: کیا چیزیں کھانا حرام ہیں؟

ج:1 اللہ نے تم پر مرا ہوا جانور اور لہو (خون) اور سور کا گوشت اور جس چیز پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام پکارا جائے حرام کردیا۔ البقرہ 2 آیت 173

2 اللہ نے تم پر مرا ہوا جانور اور (بہتا) لہو اور سور کا گوشت اور جس چیز پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام پکارا جائے۔ اور جو جانور گلا گھٹ کر مر جائے اور جو سینگ لگ کر مر جائے۔ یہ سب حرام ہیں اور وہ جانور جن کو درندے پھاڑ کھائیں مگر جس کو تم مرنے سے پہلے ذبح کر لو۔ اور یہ بھی کہ پانسوں سے قسمت کا حال معلوم کرو۔ یہ سب گناہ کے کام ہیں۔

المائدہ 5 آیت 3

سوال: اگر دو مومن لڑ پڑیں تو کیا کرنا چاہیے؟

ج: اگر مومنوں میں سے کوئی دو فریق آپس میں لڑ پڑیں تو ان میں صلح کرا دو اگر ایک فریق دوسرے فریق پر زیادتی کرے تو زیادتی کرنے والے کے ساتھ لڑو، یہاں تک کہ وہ اللہ کے حکم کی طرف واپس پلٹ آئے، اگر وہ پلٹ آئے تو ان کے درمیان عدل کے ساتھ صلح کرا دو، اور انصاف سے کام لو، اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

الحجرات 49 آیت 9

سوال: مومن آپس میں کیا ہیں؟

ج: مومن تو آپس میں بھائی ہیں الحجرات 49 آیت 10



سوال: کیا مومنوں کو ایک دوسرے کا مذاق اڑانا چاہیے؟

ج: اے لوگوں جو ایمان لائے ہو نہ مرد دوسرے مردوں کا مذاق اڑائیں ہوسکتا ہے کہ وہ لوگ ان سے بہتر ہوں اور نہ عورتیں عورتوں کا مذاق اڑائیں، ہوسکتا ہے کہ وہ ان سے بہتر ہوں نہ ہی ایک دوسرے پر عیب لگاؤ اور نہ ایک دوسرے کو برے ناموں سے یاد کرو، ایمان لانے کے بعد برا نام (رکھنا) گناہ ہے اور جو توبہ نہ کرے وہ ظالم ہے۔

الحجرات 49 آیت 11

سوال: کیا کسی سے گمان، تجسس اور غیبت کرنی چاہیے؟

ج: اے ایمان والو بہت گمان کرنے سے پرہیز کرو، بعض گمان گناہ ہوتے ہیں، اور ایک دوسرے کے حال کا تجسس نہ کیا کرو، اور نہ کوئی کسی کی غیبت کرے کیا تم میں سے کوئی پسند کرے گا کہ اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھائے؟ تم سے اس ضرورت نفرت کرو گے۔

الحجرات 49 آیت 12

سوال: اللہ نے قومیں اور برادریاں کیوں بنائیں؟

ج: لوگو ہم (اللہ) نے تم کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور تمہاری قومیں اور قبیلے (برادریاں) بنائیں تا کہ ایک دوسرے کو شناخت کرو۔ الحجرات 49 آیت 13

سوال: اللہ کے نزدیک عزت والا کون ہے؟

ج: اللہ کے نزدیک عزت والا وہ ہے جو زیادہ پرہیزگار ہے۔ الحجرات 49 آیت 13

سوال: قرض دار اگر تنگ دست ہو تو کیا کرنا چاہیے؟

ج: اگر قرض لینے والا تنگ دست ہو تو اسے ہاتھ کھلنے تک مہلت دو، اور اگر معاف کر دو تو تمہارے لیے زیادہ بہتر ہے۔ البقرہ 2 آیت 280

سوال: اگر کوئی قسم توڑ دے تو؟

ج: اللہ تم سے تمہاری بے ارادہ قسموں کا مواخذہ نہ کرے گا، لیکن پختہ قسموں (جن کے خلاف کرو گے) مواخذہ کرے گا، تو اس کا کفارہ دس محتاجوں کو اوسط درجے کا کھانا کھلانا ہے جو تم اپنے اہل وعیال کو کھلاتے ہو یا ان کو کپڑے دینا یا ایک غلام آزاد کرنا، جس کو یہ میسر نہ ہو وہ تین دن روزے رکھے،

المائدہ 5 تا آیت 89

سوال: کس مسئلے پر اکثر لوگ کہتے ہیں کہ ہمارے باپ دادا اس طرح ہی کرتے تھے؟

ج: جب ان لوگوں سے کہا جاتا ہے کہ جو کتاب (اللہ) نے نازل فرمائی ہے اس کی اور رسول اللہ کی طرف رجوع کرو تو کہتے ہیں کہ ہمارے لیے تو وہ طریقہ ہی کافی ہے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہے۔ کیا یہ باپ دادا کی تقلید کیے جائیں گے خواہ وہ کچھ نہ جانتے ہوں اور صحیح راستے کی ان کو خبر نہ ہو، (تب بھی؟)۔

المائدہ 5 آیت 104

## شیطان

سوال: جب اللہ نے ابلیس سے پوچھا کہ تو نے سجدہ کیوں نہیں کیا تو اس نے کیا جواب دیا؟

ج:1 کہ تو نے انسان کو سڑی ہوئی کھنکھناتی مٹی سے پیدا کیا۔ الحجر 15 آیت 33

2 میں اس سے بہتر ہوں آپ نے مجھے آگ سے اور اسے خاک سے پیدا کیا۔

الاعراف 7 آیت 12 ، ص 38 آیت 76

سوال: سجدہ نہ کرنے کے جواب پر اللہ نے ابلیس سے کیا کہا؟

ج:1 ارشاد ہوا نکل جا تو مردود ہوا اور قیامت تک تجھ پر لعنت پھٹکار رہے۔

ص 38 آیت 78

2 تو آسمان سے اتر تجھے کوئی حق حاصل نہیں کہ آسمان میں رہ کر تکبر کرے سو نکل بے شک تو ذلیلوں میں سے ہے

الاعراف 7 آیت 13



3 اللہ نے شیطان کو جنت سے نکال کر اس کو مردود قرار دے کر قیامت تک اس پر لعنت قرار دیا

الحجر 15 آیت 35

سوال: ابلیس نے جواب میں اللہ کو کیا چیلنج دیا؟

ج:1 مجھے اس دن تک ڈھیل دے جب دوبارہ لوگ اٹھائے جائیں گے اور میں زمین پر لوگوں کو بہکاؤں گا۔

الحجرا 15 آیت 34-35

2 مجھے مہلت دیجئے قیامت تک کے دن کی۔ الاعراف 7 آیات 15

3 میرے رب مجھے لوگوں کے اٹھ کھڑے ہونے تک مہلت دے تیری عزت کی قسم میں یقیناً ان سب لوگوں کو بہکا دوں گا سوائے ان کے جو تیرے چُنے ہوئے اور پسندیدہ ہیں۔

ص 38 آیت 83

سوال: شیطان کے چیلنج کے جواب میں اللہ نے کیا فرمایا؟

ج:1 اللہ نے فرمایا جو میرے بندے تیری پیروی کریں گے وہ گمراہ ہونگے ان سب کے وعدہ کی جگہ جہنم ہے۔

الحجر 15 آیت 43

2 جو شخص بھی دنیا میں شیطان کا کہا مانے گا اللہ ان سب کو جہنم سے بھر دے گا۔

الاعراف 7 آیت 18

3 میں تجھ کو اور تیرے ماننے والوں کو جہنم سے بھر دوں گا۔ ص 38 آیت 86

سوال: شیطان کس طرح انسان کو بہکاتا ہے؟

ج:1 شیطان انسان پر حملہ کرتا ہے آگے سے پیچھے سے دائیں اور بائیں سے۔

الاعراف 7 آیت 17

2 اللہ نے فرمایا کہ انسان کو جس کو بہکا سکے اپنی آواز سے بہکاتا رہ اور ان پر اپنے

سواروں اور پیادوں کو چڑھا کر لاتا رہ ان کے مال اوران کی اولاد میں شریک ہوتا رہ اوران سے وعدہ کرتا رہ اور شیطان
جووعدہ کرتا ہے وہ سب دھوکا ہے۔ بنی اسرائیل 17 آیت 64

سوال: شیطان کون سے کام کرواتا ہے؟

ج: اے ایمان والوں شراب، جوا، بت اور پانسے (یہ سب) ناپاک کام اعمال شیطان سے ہیں سوان سے بچتے رہنا تاکہ نجات پاؤ۔ شیطان تو چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے سبب تمھارے آپس میں دشمنی اور رنجش ڈلوادے اور تم کو اللہ کی یاد سے اور نماز سے روک دے تو تم بھی باز آجاؤ۔ المائدہ 5 آیت 90-91

سوال: شیطان فرشتہ ہے یا جن؟

ج: جب اللہ نے فرشتوں کو حکم دیا کہ تم آدم علیہ السلام کو سجدہ کرو تو ابلیس کے سوا سب نے سجدہ کیا یہ جنوں میں سے تھا۔ ال کھف 18 آیت 50

سوال: کیا شیطان انسان کا دوست ہے؟

ج: شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔ 1 یوسف 12 آیت 5

2 بنی اسرائیل 17 آیت 53

سوال: شیطان کا کون دوست ہیں؟

ج:1 بے شک شیطانوں کو ہم نے انکا دوست بنادیا جو ایمان نہیں لائے۔

الاحزاب 17 آیت 27

2 جن لوگوں پر شیطان نے غلبہ حاصل کیا اوران لوگوں نے اللہ کے ذکر کو بھلادیا یہ ہی شیطانی لشکر ہیں جو کہ خسارے والا ہے۔ المجادلہ 58 آیت 19

سوال: اللہ نے جنوں کو کس چیز سے پیدا کیا؟

ج: اللہ نے جنات کو لو والی آگ سے پیدا کیا۔ الحجر 15 آیت 27

اللہ نے جنات کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا۔ الرحمٰن 55 آیت 15



سوال: شیطان کس چیز سے ڈراتا ہے؟

ج: شیطان تم کو فقیری سے ڈراتا ہے۔ البقرہ 2 آیت 268

سوال: شیطان کس چیز کا حکم دیتا ہے؟

ج: شیطان بے حیائی کا حکم دیتا ہے۔ البقرہ 2 آیت 268

شیطان صرف برائی اور بے حیائی کا اور اللہ تعالیٰ پر ان باتوں کا حکم دیتا ہے جنکا تم کو علم نہیں ہے۔

البقرہ 2 آیت 169

سوال: اگر شیطان وسوسہ ڈال دے تو کیا کرنا چاہیئے؟

ج:1 اگر کوئی وسوسہ شیطان کی طرف سے آنے لگے تو اللہ سے پناہ مانگ لیا کرو۔

الاعراف 17 آیت 200

2 اے میرے پروردگار میں شیطانوں کے وسوسوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

المومون 23 آیت 98

سوال: کیا شیطان وقت پر کام آنے والا ہے؟

ج: شیطان تو انسان کو وقت پر دغا (دھوکہ) دینے والا ہے۔ الفرقان 25 آیت 30

سوال: کیا شیطان وحی کا کام کرسکتے ہیں؟

ج: اس قرآن (وحی) کو شیطان نہیں لاسکتے نہ وہ اس قابل ہیں اور نہ وہ اس کی طاقت رکھتے ہیں

الشعراء 26 آیت 211-210

سوال: شیطان کس پر اترتے ہیں؟

ج: شیطان ہر جھوٹے گناہ گار پر اترتے ہیں جو سنی ہوئی بات ان کے کان میں ڈالتے ہیں۔ ان میں سے اکثر جھوٹے ہیں۔ الشعراء 26 آیت 222-223

سوال: شیطان کیسا دشمن ہے؟

ج: شیطان تمھارا کھلا دشمن ہے۔ البقرہ2 آیت208

سوال: شیطان سے دوستی کا کیا نتیجہ ہے؟

ج: بعض لوگ اللہ کے بارے میں باتیں بناتے ہیں وہ بھی بے علمی کے ساتھ وہ ہر سرکش شیطان کی پیروی کرتے ہیں جن کے بارے میں یہ لکھ دیا گیا ہے کہ جو کوئی بھی شیطان کو دوست رکھے گا وہ اس کو گمراہ کر دے گا اور آگ کے عذاب کی طرف لے جائے گا۔ الحج22 آیت4

سوال: شیطان کیا چاہتا ہے؟

ج: شیطان چاہتا ہے کہ وہ تم لوگوں کو بہکا دے۔ النساء4 آیت60

سوال: شاعروں کی پیروی کون کرتے ہیں؟

ج: شاعروں کی پیروی وہ کرتے ہیں جو بھٹکے ہوئے ہیں۔ الشعرء26 آیت224

سوال: شاعر کیا کرتے ہیں؟

ج: کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ شاعر ایک بیابان (ویران وادی) میں سر مارر ہے ہیں اور جو کہتے ہیں وہ نہیں کرتے الشعرء26 آیت 225-226

## توبہ

سوال: اللہ نے آدم کو توبہ کے کونسے الفاظ سکھائے؟

ج: اے ہمارے رب ہم نے اپنا بڑا نقصان کیا ہے اور اگر تو ہماری مغفرت نہ کرے گا تو واقعی ہم نقصان پانے والوں میں ہوں گے۔ الاعراف7 آیت23

سوال: توبہ کون سنتا اور قبول کرتا ہے؟

ج: جو لوگ توبہ کر لیں اور اصلاح کر لیں اور بیان کر دیں تو میں (اللہ) ان کی توبہ قبول کرتا ہوں اور میں (اللہ) توبہ قبول کرنے اور رحم کرنے والا ہوں۔ البقرہ2 آیت160



2 اور خدا ہی سے بخشش مانگنا بے شک خدا بخشنے والا اور مہربان ہے۔

النساء4 آیت106

3 پس اللہ ہی ہمارا کارساز ہے پس ہم پر مغفرت اور رحم فرما اور تو سب معافی دینے والوں میں سب سے اچھا ہے

4 اپنے رب کی تسبیح کرو اور اس سے مغفرت مانگو بے شک وہ بڑا ہی توبہ قبول کرنے والا ہے۔

النصر110 آیت3

5 جن لوگوں نے گناہ کے کام کیے اور اس کے بعد توبہ کر لیں اور ایمان لے آئیں تو تمھارا رب اس توبہ کے بعد گناہوں کو معاف کرنے والا اور رحمت کرنے والا ہے۔

الاعراف7 آیت153

6 کیا انہیں خبر نہیں کہ اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور وہ ہی صدقات قبول کرتا ہے اور یہ کہ اللہ ہی توبہ قبول کرنے اور رحمت کرنے میں کامل ہے۔

التوبہ9 آیت104

7 بے شک اللہ ان لوگوں کو بخش دینے والا ہے جو توبہ کریں ایمان لے آئیں اور راہ راست پر رہیں۔

طٰہٰ20 آیت82

8 اے میرے بندو جن لوگوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی تم اللہ کی رحمت سے مایوس مت ہونا خدا تو سب گناہوں کو بخش دیتا ہے واقعی وہ بڑی بخشش اور بڑی رحمت والا ہے۔

الزمر39 آیت53

9 اور وہ ہی (اللہ) تو ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور (ان کے) قصور معاف کرتا ہے، اور جو تم کرتے ہو وہ سب جانتا ہے۔ الشوریٰ42 آیت25

سوال: اللہ کن لوگوں کی توبہ قبول کرتا ہے؟

ج: اللہ صرف ان لوگوں کی توبہ قبول کرتا ہے جو بوجہ نادانی کوئی برائی کر گزریں اور پھر جلد اس سے باز آ جائیں اور توبہ کریں تو اللہ بھی انکی توبہ قبول کرتا ہے اللہ ہی بڑا علم وحکمت والا ہے۔

النساء 4 آیت 17

2 جو شخص اپنے گناہ کے بعد توبہ کرے اور اصلاح کرے تو اللہ اپنی رحمت کے ساتھ اس کی طرف لوٹتا ہے یقیناً اللہ معاف کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔ المائدہ 5 آیت 39

3 کچھ اور لوگ ہیں جو اپنے گناہوں کا اقرار کرتے ہیں اور جنہوں نے ملے جلے عمل کیے تھے کچھ اچھے اور برے عملوں کو ملا جلا دیا تھا امید ہے کہ اللہ ان کی توبہ قبول فرمائے بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

التوبہ 9 آیت 102

سوال: اللہ کے حضور کس طرح توبہ کرنی چاہیئے؟

ج: اے ایمان والوں تم اللہ کے سامنے (صاف دل سے) سچی خالص توبہ کرو۔

التحریم 66 آیت 7

سوال: اللہ کس کو معاف نہیں کرتا؟

ج: اللہ ان کو معاف نہیں کرتا جو برائیاں کرتے چلے جاتے ہیں یہاں تک کہ ان کی موت کا وقت قریب آ جائے تو کہہ دیں کہ میں نے اب توبہ کی۔ ان کی بھی توبہ قبول نہیں جو کفر پر مر جائیں

النساء 4 آیت 18

2 جو شخص (ہدایت) سیدھا راستہ معلوم ہونے کے بعد پیغمبر کی مخالفت کرے۔ اور مومنوں کی راہ کو چھوڑ کر چلے تو جدھر وہ چلتا ہے اللہ اس کو ادھر ہی چلنے دے اور قیامت کے دن جہنم میں داخل کرے گا اور جہنم بہت بری جگہ ہے خدا اس کے گناہ نہیں بخشے گا جس نے کسی کو اسکا شریک بنایا اور جس کو چاہے بخش دے اور جس نے خدا کے ساتھ کسی کو شریک بنایا تو وہ بہت دور کی گمراہی میں جا پڑا۔ النساء 4 آیت 116-115



3 اے ایمان والو تم اللہ کی اطاعت کرو اور پیغمبر کی فرمانبرداری کرو اور اپنے عملوں کو ضائع نہیں ہونے دو، جو لوگ کافر ہوئے اور اللہ کے رستے سے روکتے رہے، پھر کافر مر گئے اللہ ان کو ہرگز نہیں بخشے گا۔

محمد آیت 34-37

سوال: کس کے لئے مغفرت کی دعا نہیں کرنی چاہیئے؟

ج: پیغمبروں اور دوسرے مسلمانوں کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ مشرکین کے لئے دعاء مغفرت مانگیں اگرچہ وہ رشتہ دار ہی کیوں نہ ہوں۔ اس امر کے ظاہر ہونے کے بعد کہ وہ دوزخی ہیں۔

التوبہ 9 آیت 113

توبہ کی قرآنی دعائیں:۔

1 اے ہمارے رب ہم نے اپنا بڑا نقصان کیا اگر تو ہماری مغفرت نہ کرے گا تو ہم واقعی نقصان پانے والوں میں سے ہونگے۔ الاعراف 7 آیت 23

2 اے اللہ ہم نے سنا اور اطاعت کی ہم تیری بخشش طلب کرتے ہیں اے ہمارے رب ہم کو تیری ہی طرف لوٹنا ہے۔ البقرہ 2 آیت 285

3 اے ہمارے رب اگر ہم بھول گئے ہوں یا خطا کی ہو تو ہم کو نہ پکڑنا۔ اے ہمارے رب ہم پر وہ بوجھ نہ ڈالنا جس کی ہم میں طاقت نہ ہو۔ ہم سے درگزر فرما ہمیں معاف فرما اور ہم پر رحم فرما۔ تو ہی ہمارا مالک ہے اور کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما۔ البقرہ 2 آیت 286

4 اے ہمارے رب ہم ایمان لا چکے ہیں اس لئے ہمارے گناہ معاف فرما اور ہم کو آگ کے عذاب سے بچا۔

آل عمران 3 آیت 16

5 اے اللہ تو نے ہم کو بے فائدہ نہیں بنایا تو پاک ہے بس ہم کو آگ کے عذاب سے بچالے۔

آل عمران 3 آیت 191

6 اے اللہ ہم نے سنا کہ منادی کرنے والا با آواز بلند ایمان کی طرف بلا رہا ہے کہ اے لوگو اپنے رب پر ایمان لاؤ پس ہم ایمان لائے یا الہیٰ اب تو ہمارے گناہ معاف کردے اور ہم سے برائیاں دور کردے اے ہمارے پالنے والے معبود ہم کو وہ دے جس کا تو نے ہم سے وعدہ اپنے رسولوں کی زبانی کیا۔ ہم کو قیامت کے دن رسوا مت کرنا۔

الاعمران 3 آیت 193-194

7 اے ہمارے پروردگار مجھے نماز کا پابند بنا اور میری اولاد کو بھی اے ہمارے رب ہماری دعا قبول فرما اے پروردگار ہم کو بخش دے۔ اور میرے ماں باپ کو بھی بخش دے اور دیگر مومنوں کو بھی بخش دے جس دن حساب ہونے لگے۔ ابراہیم 14 آیت 41

8 اے اللہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے اور بے شک میں ظالموں سے ہوگیا ہوں۔

الانبیاء 21 آیت 87

9 اے ہمارے پروردگار ہم ایمان لاچکے ہیں تو ہم کو بخش دے اور ہم پر رحم فرما تو سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے۔ المومون 23 آیت 109

10 اے ہمارے پروردگار دوزخ کے عذاب سے دور رکھ کیونکہ اسکا عذاب بڑی تکلیف دہ ہے اور دوزخ ٹھیرنے اور رہنے کی بری جگہ۔ ال فرقان 25 آیت 65-66

11 اے اللہ ہم نے خود اپنے پر ظلم کیا تو ہم کو معاف فرما۔ القصص 28 آیت 16

12 اے ہمارے رب ہماری توبہ قبول فرما تو ہی توبہ قبول فرمانے والا اور رحم کرنیوالا ہے۔

البقرہ 2 آیت 128

13 اے اللہ ہم ایمان لائے اے اللہ ہمارے گناہوں کو معاف کردے اور ہماری برائیاں ہم سے دور کردے اور ہماری موت نیکوں کے ساتھ کر۔ آل عمران 3 آیت 193



## قرآنی دعائیں

1 اے میرے پروردگار میں شیطان کے وسوسوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

المومون 23 آیت 98

2 اے میرے پروردگار مجھے جہاں لے جا اچھی طرح لے جا اور جہاں سے نکال اچھی طرح نکال اور میرے لئے اپنے پاس سے غلبہ اور امداد مقرر فرمادے۔

بنی اسرائیل 17 آیت 80

3 اے ہمارے رب ہم کو دنیا میں بھی بھلائی (نعمت) عطا فرما اور آخرت میں بھی بھلائی (نعمت) عطا فرما اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچانا۔ البقرہ 2 آیت 199

4 اے میرے پروردگار مجھے پاکیزہ اولاد عطا فرما بے شک تو دعاؤں کا سننے والا ہے۔

آل عمران 3 آیت 38

5 اے اللہ تو ہم کو سیدھی اور سچی راہ دکھا۔ ان لوگوں کی راہ جن پر تو نے انعام کیا۔ ان کی نہیں جن پر غضب کیا گیا اور نہ ہی گمراہوں کی۔ الفاتحہ 1

6 اے ہمارے اللہ ہماری دعا قبول فرما تو ہی سننے اور جاننے والا ہے۔

البقرہ 2 آیت 127

7 اے ہمارے رب ہمارے گناہوں کو بخش دے اور ہمارے جن کاموں پر ہم نے زیادتی کی ہو اس کو بھی معاف کردے۔ ہمیں ثابت قدمی عطا فرما اور ہم کو کافروں کی قوم پر مدد دے۔

آل عمران 3 آیت 147

8 اے ہمارے پروردگار تو نے ہم کو بے فائدہ نہیں بنایا تو پاک ہے پس تو ہم کو آگ ک

عذاب سے بچالے۔ آل عمران 3 آیت 191

9 اے ہمارے پروردگار تو ہم کو وہ عطا کر جن کا تو نے ہم سے وعدہ اپنے رسولوں کے ذریعے کیا اور ہم کو قیامت کے دن رسوا مت کرنا یقیناً تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

آل عمران 3 آیت 194

10 ہم نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ بھلائی کا حکم دیا اس کی ماں نے اس کو تکلیف سے پیٹ میں رکھا اور تکلیف ہی سے جنا اس کا پیٹ میں رہنا اور دودھ چھوڑنا ڈھائی برس تک ہوتا ہے جب یہ خوب بڑا ہوتا ہے اور چالیس برس تک پہنچتا ہے تو کہتا ہے اے میرے پروردگار مجھے توفیق دے تو نے جو احسان مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کیے انکا شکر بجالاؤں میں ایسے نیک عمل کروں جس سے تو خوش ہوجائے اور تو میری اولاد کو بھی صالح بنادے میں تجھ سے رجوع کرتا ہوں اور تیرا فرمانبردار ہوں۔ الاحقاف 46 آیت 15

11 اے اللہ تو ہم کو ہدایت دینے کے بعد ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ کرنا ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما تو بہتر عطا فرمانے والا ہے۔ آل عمران 3 آیت 8

12 اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ تجھ سے سوال کروں جس کی حقیقت مجھے معلوم نہیں اگر تو مجھے نہیں بخشے گا اور رحم نہیں کریگا تو میں خسارہ پانے والوں میں سے ہوجاؤنگا۔

ھود 11 آیت 47

13 اے ہمارے پروردگار ہم کو ہماری بیویوں اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہم کو پرہیزگاروں کا امام بنا۔ الفرقان 25 آیت 74



## رسالت

سوال: کیا اللہ نے محمد صلی ﷺ سے پہلے بھی رسول بھیجے؟

ج 1: بلاشبہ اللہ نے آپ ﷺ سے پہلے کئی رسول بھیجے۔ المومن 40 آیت 78

2 اللہ نے آپ ﷺ سے پہلی امتوں پر بھی رسول بھیجے۔ الحجر 15 آیت 10

3 محمد ﷺ صرف اللہ کے رسول ہیں ان سے پہلے بہت سے رسول ہو چکے۔

ال عمران 3 آیت 144

4 اللہ نے اور امتوں کی طرف بھی جو آپ ﷺ سے پہلے گزر چکی ہیں پیغمبر بھیجے تھے۔

انعام 6 آیت 42

سوال: کیا تمام رسولوں کا ذکر قرآن مجید میں ہے؟

ج 1: کچھ رسولوں کا ذکر ہم نے آپ سے بیان کر دیا ہے اور ان میں سے کچھ وہ ہیں جنکا حال ہم نے آپ سے بیان نہیں کیا۔ المومون 40 آیت 78

2 آپ ﷺ سے پہلے بہت سے رسولوں کے واقعات آپ سے بیان کردیئے ہیں اور بہت سوں کے نہیں۔

النساء 4 آیت 164

سوال: کیا محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں؟

ج 1: اور اللہ جانتا ہے کہ یقیناً آپ اللہ کے رسول ہیں۔ المنفقون 63 آیت 2

2 محمد ﷺ تو صرف خدا کے پیغمبر (رسول ہیں)۔ ال عمران 3 آیت 144

سوال: اللہ اور اس کے فرشتے آپ ﷺ پر کیا بھیجتے ہیں؟

ج: اللہ اور اس کے فرشتے آپ ﷺ پر درود (رحمت) بھیجتے ہیں۔

الاحزاب 33 آیت 56

سوال: ایمان والوں کو آپ ﷺ پر کیا بھیجنا چاہیے؟

ج: اے ایمان والو تم بھی آپ ﷺ پر درود و سلام بھیجتے رہا کرو (درود ابراہیمی پڑھیے)۔

الاحزاب 33 آیت 56

سوال: کیا نبی اکرم ﷺ آخری نبی ہیں؟

ج: محمد ﷺ تمھارے مردوں میں کسی کے باپ نہیں لیکن آپ اللہ کے رسول ہیں اور پیغمبر (نبوت کی) مہر کو ختم کرنے والے۔ الاحزاب 33 آیت 40

سوال: کیا محمد ﷺ اللہ کے بندے ہیں؟

ج: ہم نے اس قرآن کو اپنے بندے پر اتارا۔ البقرہ 2 آیت 23

2 کیا ان لوگوں کو تعجب ہوا ہے کہ ہم نے ان میں سے ایک شخص کے پاس وحی بھیجی کہ وہ سب آدمیوں کو ڈرائے ۔ یونس 10 آیت 2

سوال: اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو کیا عطا کیا؟

ج: اللہ نے آپ کو حوض کوثر عطا کی۔ الکوثر 108 آیت 1

سوال: اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کیا بنا کر بھیجا؟

ج: اور یقیناً ہم (اللہ) نے آپ ﷺ کو حق ظاہر کرنے والا (گواہی دینے والا) خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا۔ الفتح 48 آیت 8

سوال: نبی اکرم ﷺ کی دعوت کیا پوری انسانیت کے لئے ہے؟

ج: اے انسانوں (لوگوں) تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے حق لے کر آئے ہیں پس تم ان پر ایمان لاؤ تا کہ تمھارے (انسانوں) لئے بہتری ہو۔

النساء 4 آیت 170



سوال: نبی اکرم ﷺ کو سب کچھ کس نے سکھایا؟

ج: اللہ نے آپ پر یہ کتاب (قرآن) نازل فرمائی اور آپ کو وہ کچھ سکھایا جو آپ نہیں جانتے تھے۔

النساء 4 آیت 113

سوال: کیا نبی اکرم ﷺ کو تبلیغ کا حکم ملا؟

ج: اے رسول جو کچھ بھی آپ کی طرف آپ کے رب کی طرف سے نازل کیا گیا ہے وہ سب لوگوں کو پہنچا دو۔

المائدہ 5 آیت 66

سوال: کیا نبی اکرم ﷺ پر بھی وحی کی پیروی کرنی ضروری ہے؟

ج: جو حکم وحی کے ذریعے اللہ کی طرف سے آتا ہے آپ ﷺ خود اس کی پیروی (اس طریقے پر چلا) کریں۔

انعام 6 آیت 106

سوال: کیا نبی اکرم کے ہاتھ پر بیعت اللہ کی بیعت ہے؟

ج: جو لوگ آپ ﷺ کے ہاتھ پر بیعت کرتے ہیں وہ یقیناً اللہ پر بیعت کرتے ہیں۔ آپ ﷺ کے ہاتھ پر اللہ کا ہاتھ ہے۔ الفتح 48 آیت 10

سوال: آپ ﷺ کا اخلاق کیسا ہے؟

ج: اے محمد ﷺ تمھارے اخلاق بہت بڑے (اعلیٰ عمدہ) ہیں۔ القلم 68 آیت 4

سوال: نبی اکرم ﷺ کے لئے اللہ کے یہاں کتنا اجر ہے؟

ج: اے محمد ﷺ تمھارے لئے بے انتہا اجر ہے۔ القلم 68 آیت 3

سوال: آپ ﷺ کا مزاج لوگوں کے ساتھ کیسا تھا؟

ج: اے محمد ﷺ خدا کی رحمت اور مہربانی کے باعث آپ ﷺ لوگوں کے لئے نرم دل ہیں

آل عمران 4 آیت 159

سوال: اگر آپ ﷺ کا مزاج لوگوں کے ساتھ سخت ہوتا؟

ج: اگر آپ ﷺ کا مزاج لوگوں کے ساتھ سخت ہوتا یا آپ ﷺ بدمزاج ہوتے تو یہ سارے لوگ آپ ﷺ کے پاس سے بھاگ کھڑے ہوتے۔ آل عمران 4 آیت 159

سوال: آپ ﷺ کے فیصلے نہ ماننے والے کون ہیں؟

ج: سو قسم ہے تیرے پروردگار کی یہ مومن نہیں ہو سکتے جب تک کہ تمام آپس کے اختلافات پر آپ ﷺ کا حکم نہ مان لیں۔اور جو فیصلے آپ ان میں کر دیں ان سے اپنے دل میں کسی طرح کی بھی تنگی ناخوشی نہ پائیں اور اس کو فرمانبرداری کے ساتھ قبول کریں۔

النساء 4 آیت 65

سوال: اللہ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی فرمانبرداری کرنے والوں کا کیا درجہ ہے؟

ج: اور جو بھی اللہ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی فرمانبرداری کرے گا وہ ان لوگوں کے ساتھ ہوگا جن پر اللہ نے انعام کیا جسے نبی صدیق شہید اور نیک لوگ یہ بہترین رفیق ہیں۔

النساء 4 آیت 69

سوال: نبی اکرم ﷺ کی بے ادبی کون کون سے لوگ کرسکتے ہیں؟

ج: آپ ﷺ کسی ایسے شخص کے کہنے میں نہ آنا جو زیادہ قسمیں کھانے والا بے وقار (ذلیل) کمینہ عیب گو چغل خور، بھلائی سے روکنے والا، حد سے بڑھ جانے والا، گناہ گار، بدکار۔

القلم 68 آیت 10 تا 14

سوال: کیا نبی ﷺ اللہ کی حلال چیزوں کو حرام قرار دے سکتے ہیں؟

ج: اے نبی ﷺ اللہ نے جس چیز کو آپ ﷺ کے لئے حلال قرار دیا ہے اسے آپ کیوں حرام کرتے ہیں کیا آپ ﷺ اپنی بیویوں کی رضامندی چاہتے ہیں۔اللہ بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔

التحریم 66 آیت 1



سوال: نبی اکرم ﷺ کی آواز سے اونچی آواز کرنے والے کی کیا سزا ہے؟

ج: اے ایمان والوں اپنی آوازیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آواز سے اونچی نہ کرو۔اور نہ آپ ﷺ سے اونچی آواز میں بات کرو کہیں ایسا نہ ہو جائے کہ تمھارے اعمال ضائع ہو جائیں اور تم کو خبر بھی نہ ہو۔

الحجرات 49 آیت 2

سوال: غیب کی چابیاں (کنجیاں) کس کے پاس ہیں؟

ج: اللہ ہی کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں ان کو کوئی نہیں جانتا سوائے اللہ کے وہ تمام چیزوں کو جانتا ہے جو خشکی میں ہے اور جو دریاؤں میں کوئی پتّہ بھی نہیں گرتا مگر وہ اسکو بھی جانتا ہے نہ کوئی دانہ زمین کے تاریک حصے میں گرتا اور نہ کوئی تر اور خشک چیز گرتی مگر یہ سب کتاب میں ہے۔

الانعام 6 آیت 59

سوال: کیا نبی اکرم ﷺ عالم الغیب ہیں؟

ج: یہ غیب کی چیزیں ہم (اللہ) آپ ﷺ کے پاس وحی سے پہنچاتے ہیں۔

آل عمران 3 آیت 44

2 آپ ﷺ کہہ دیجئے کہ میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ میں غیب جانتا ہوں اور نہ میں تم سے کہتا یہ ہوں کہ میں فرشتہ ہوں۔ انعام 6 آیت 50 ھود 11 آیت 31

3 کہہ دو کہ میں اپنے فائدے اور نقصان کا کچھ اختیار نہیں رکھتا مگر جو اللہ چاہے۔اور اگر میں غیب کی باتیں جانتا ہوتا تو بہت سے فائدے جمع کر لیتا اور مجھے کوئی تکلیف نہ پہنچتی۔

الاعراف 7 آیت 188

4 ہم آپ کے سامنے ایک بہترین قصہ بیان کرتے ہیں اس وجہ سے ہم (اللہ) نے

آپ کی جانب قرآن وحی کے زریعے نازل کیا اور یقیناً اس سے قبل آپ بے خبروں میں تھے۔

یوسف 12 آیت 3

5 کہہ دو کہ جس (دن) کا وعدہ تم سے کیا جاتا ہے میں نہیں جانتا کہ وہ قریب ہے یا میرے پروردگار نے اس کی مدت دراز کر دی ہے۔ الجن 72 آیت 25

سوال: اللہ نے رسولوں/ پیغمبروں کو کیوں بھیجا؟

ج: اللہ نے پیغمبروں کو صرف اس واسطے بھیجا کہ وہ بشارت دیں اور ڈرائیں۔

انعام 6 آیت 48

2 اللہ نے تم میں سے ہی رسول بھیجا جو ہماری آیتیں تمھارے سامنے تلاوت کرتا ہے اور تم کو پاک کرتا ہے اور تم کو کتاب اور حکمت کی وہ چیزیں سکھاتا ہے جس سے تم لاعلم ہو۔

البقرہ 2 آیت 151

3 اللہ نے نبیوں کو خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا اور ان کے ساتھ سچی کتابیں نازل فرمائیں تاکہ لوگوں کے اختلافی امر کا فیصلہ ہو جائے۔ البقرہ 2 آیت 213

4 رسول لوگوں کو اللہ کی آیتیں پڑھ کر سناتا اور ان کو پاک کرتا ہے اور ان کو کتاب وحکمت کی تعلیم دیتا ہے یقیناً اس سے پہلے لوگ گمراہی میں تھے۔

آل عمران 3 آیت 164، جمعہ 62 آیت 2

5 اللہ نے رسولوں کو صرف اس لئے بھیجا کہ اللہ کے حکم سے اس کی فرمانبرداری کی جائے اور اللہ سے توبہ کرتے تو رسول ان کے لئے استغفار کرتے یقیناً یہ لوگ اللہ کو معاف کرنے والا اور مہربان پائیں گے۔

النساء 4 آیت 64

سوال: کیا رسولوں کے درجات ایک جیسے ہیں؟

ج: رسول (جو اللہ نے وقتاً فوقتاً بھیجے) ہیں ان میں سے اللہ نے بعض پر بعض کو فضیلت



دی بعض ایسے ہیں جنہوں نے خدا سے بات چیت کی اور بعض کے درجے بلند کئے۔

البقرہ 2 آیت 253

2 زمین وآسمان میں جو کچھ بھی ہے آپ کا رب ان کو بخوبی جانتا ہے اور اللہ نے بعض پیغمبروں کو بعض پر بہتری اور برتری عطا کی۔ بنی اسرائیل 17 آیت 55

سوال: کیا نبی فرشتے ہیں؟

ج: آپ ﷺ کہہ دیں کہ اگر تم زمین میں فرشتے ہوتے کہ (اسمیں) چلتے پھرتے اور (بستے) تو ہم اللہ ان کے پاس کسی آسمانی فرشتے کو رسول بنا کر بھیجتے۔

بنی اسرائیل 7 آیت 95

سوال: اللہ نے نبیوں سے کیا عہد لیا؟

ج: جب اللہ نے نبیوں سے عہد لیا کہ جو کچھ بھی تم کو کتاب وحکمت دوں اور پھر تمھارے پاس وہ رسول آئیں جو تمھارے پاس کی چیز کو سچ بتائے تو تمھارے لئے اس پر ایمان لانا اور اس کی مدد کرنا ضروری ہے اور فرمایا کہ تم اس پر اقراری ہو اور اسکا ذمہ لے رہے ہو۔ سب نے اقرار کیا اور فرمایا تو اب گواہ رہو اور میں (اللہ) خود بھی تمھارے ساتھ گواہ رہوں گا۔

آل عمران 3 آیت 81

سوال: کیا تمام امتوں پر رسول آئے؟

ج: ہر امت کے لئے ایک رسول ہے جب انکا وہ رسول آچکا ہوتا ہے انکا فیصلہ انصاف کے ساتھ کر دیا جاتا ہے اور ان پر ظلم نہیں کیا جاتا۔ یونس 10 آیت 47

سوال: اللہ کن لوگوں کو رسول بناتا ہے؟

ج: اللہ ہی فرشتوں کے ذریعے وحی دے کر اپنے حکم سے اپنے بندوں میں جس پر چاہتا

ہے وحی اتارتا ہے کہ تم لوگوں کو آگاہ کرو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ پس تم اللہ ہی سے ڈرو۔

النحل 6 آیت 2

سوال: کیا نبی صرف مرد ہی ہوتے ہیں؟

ج: اور آپ ﷺ سے پہلے بھی ہم مردوں کو ہی بھیجتے رہے جن کی جانب وحی اتارتے تھے پس اگر تم نہیں جانتے تو صاحب علم سے معلوم کرلو۔ النحل 16 آیت 43

سوال: کیا انسانوں ت کے ساتھ جنوں کے لئے بھی رسول ہیں؟

ج: اے جنات اور انسانوں کی جماعت کیا تمھارے پاس تم میں سے ہی پیغمبر نہیں آئے تھے جو تم سے میرے احکام بیان کرتے اور تم کو آج کے دن کی خبر دیتے۔

انعام 6 آیت 130

## القرآن

سوال: قرآن مجید کس کی کتاب ہے؟

ج: قرآن مجید اللہ کے کلام ہونے میں کوئی شک نہیں۔ البقرہ 2 آیت 2

سوال: قرآن کس پر نازل ہوا؟

ج: ساری تعریف اللہ کے لئے جس نے اپنے بندے محمد ﷺ پر یہ کتاب نازل کی۔

الکھف 18 آیت 1

سوال: کیا قرآن مجید جیسی کوئی کتاب لائی جاسکتی ہے؟

ج: اگر تمام انسان اور کل جنات ملکر بھی قرآن کی مثل لانا چاہیں تو ان سب کے لئے اسکی مثل لانا ممکن نہیں گو وہ ایک دوسرے کے مددگار ہی کیوں نہ ہو جائیں۔

بنی اسرائیل 17 آیت 88



سوال: قرآن کن لوگوں کے لئے ہدایت ہے؟

ج:1 "یہ قرآن پرہیزگاروں کیلئے نصیحت ہے" المارج 70 آیت 48

2 خدا سے ڈرنے والوں پرہیزگاروں کے لئے ہدایت ہے۔ البقرہ 2 آیت 2

3 جو غیب پر ایمان لاتے ہیں نماز قائم کرتے ہیں اور جو کچھ اللہ نے ان کو دیا اس میں سے خرچ کرتے ہیں اور جو کتاب آپ ﷺ پر نازل ہوئی اس پر اور جو ان سے پہلے پیغمبروں پر نازل ہوئی سب پر ایمان رکھتے اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔ البقرہ 2 آیت 4-3

سوال: کیا یہ قرآن صرف پرہیزگاروں کے لئے ہدایت ہے؟

ج: قرآن تو نصیحت کی چیز ہے جو چاہے اس سے نصیحت حاصل کرے۔

عبس 80 آیت 12

2 قرآن انسانوں کیلئے ہدایت اور اس میں ہدایت کی واضح اور حق و باطل کو جدا کرنے والی دلیلیں ہیں۔

البقرہ 2 آیت 185

3 پوری انسانیت کیلئے اللہ کی طرف سے (القرآن) روشن دلیل آچکی ہے جو نور مبین ہے۔

النساء 4 آیت 175

سوال: کیا اہل کتاب واقعی نبی کریم ﷺ کو بحیثیت نبی نہیں پہچانتے تھے؟

ج: جن کو ہم نے کتاب دی وہ اسکو (نبی کو) اس طرح پہنچانتے ہیں جیسے وہ اپنے بیٹوں کو پہنچانتے ہیں۔

البقرہ 2 آیت 146

سوال: قرآن اور قرآن کی آیات کو انکار کرنے والوں کا کیا انجام ہے؟

ج: جو انکار کر کے ہماری آیتوں کو جھٹلائیں وہ جہنمی ہیں اور ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔

البقرہ 2 آیت 39

2 جن لوگوں نے قرآنی آیات کا کفر کیا اور ہم انہیں آگ میں ڈال دیں جب ان کی

کھالیں پک جائیں گی ہم ان کے سوااور کھالیں بدل دیں گے تا کہ وہ عذاب چکھتے رہیں۔

النساء4 آیت56

سوال: قرآن پڑھنے لگیں تو کیا کیا کریں؟

ج: اور جب قرآن پڑھنے لگوتو شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگو۔ النحل 6 آیت 98

سوال: قرآن مومنوں کیلئے کیا ہے؟

ج: یہ قرآن مومنوں کیلئے سراسر شفااور رحمت ہے۔ بنی اسرائیل 17 آیت 82

سوال: قرآن کی حفاظت کون کرے گا؟

ج: ہم (اللہ) نے قرآن نازل کیا اور ہم (اللہ) ہی اسکے محافظ ہیں۔ الحجر 15 آیت 9

سوال: جب قرآن پڑھا جائے تو کیا کرنا چاہیئے؟

ج: جب قرآن پڑھا جائے تو اسکی طرف کان لگالواور خاموش رہا کرو امید ہے کہ تم پر رحمت ہو۔

الاعراف 7 آیت 204

سوال: اگر قرآن اللہ کے سوا کسی اور کی طرف سے ہوتا تو؟

ج: یہ لوگ قرآن میں غور نہیں کرتے کہ یہ اللہ کے سوا اور کسی کی طرف سے ہوتا تو یقیناً اسمیں بہت کچھ اختلاف ہوتے۔

النساء4 آیت82

سوال: قرآن کو اللہ نے کیوں اتارا؟

ج: اس لئے کہ آپ ﷺ اس سے لوگوں کو سخت عذاب سے جو اللہ کی طرف سے آنے والا ہے ڈرائیں اور مومنوں کو خوشخبری دیں جو نیک عمل کرتے ہیں۔ بے شک ان کیلئے اچھا اجر (جنت) ہے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور ان لوگوں کو ڈرائیں جو کہتے ہیں اللہ اولاد رکھتا ہے

الکھف 18 آیت 4



سوال: اگر کوئی قرآن پر شک کرے تو؟

ج: اگر تم اس کتاب کے متعلق شک میں ہو تو جو ہم نے اپنے بندے محمد ﷺ پر اتاری تو تم اس میں سے کوئی ایک سورت بنا کر لے آؤ اور خدا کے سوا تمھارا جو بھی مددگار ہو انکو بھی بلالو اگر تم سچے ہو تو۔

سوال: قرآن کی تعلیم کس نے فرمائی؟

ج: اللہ ہی نے قرآن کی تعلیم فرمائی۔ الرحمٰن 55 آیت 2

سوال: قرآن کو کس دوسرے نام سے تعبیر کیا گیا ہے؟

ج: بہت بابرکت ہے وہ اللہ جس نے اپنے بندے پر الفرقان (حق و باطل توحید وشرک، عدل اور ظلم کے درمیان فرق کرنے والا) اتارا۔

ال عمران 3 آیت 3/ الفرقان 25 آیت 1

سوال: قرآنی آیتوں کو چھپانے والوں کی کیا سزا ہے؟

ج: جو لوگ اللہ کی اتاری ہوئی دلیلوں اور ہدایت کو چھپاتے ہیں اسکے باوجود کہ اللہ کو اپنی کتاب میں بیان کر چکا ہے ایسے لوگوں پر اللہ کی اور تمام لعنت کرنے والوں کی لعنت ہے۔

البقرہ 2 آیت 159

سوال: کیا قرآن کو پڑھنا چاہیئے؟

ج: اے محمد ﷺ جو کتاب تمھاری طرف وحی کی گئی ہے اسکو پڑھا کرو۔

العنکبوت 29 آیت 45

سوال: قرآن کو پڑھتے وقت مومن کی کیا حالت ہوتی ہے؟

ج:1 قرآن کو پڑھنے سے ان لوگوں کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے جو اپنے رب کا خوف رکھتے ہیں آخر میں ان کے جسم اور دل اللہ کے ذکر سے نرم ہو جاتے ہیں۔ الزمر 39 آیت 23

2 جب وہ رسول کی طرف نازل کردہ کلام کو سنتے ہیں تو ان کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے ہیں۔

المائدہ5 آیت83

سوال: کیا قرآن صرف پڑھنے کے لئے ہے؟

ج: ہم نے اس قرآن کو سمجھنے کے لئے آسان کر دیا ہے جو نصیحت حاصل کرے۔

القمر54 آیت17

2 ہم نے اس قرآن کو تیری زبان میں آسان کر دیا تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں۔

الدخان44 آیت58

سوال: کیا قرآن کو سمجھنا مشکل ہے؟

ج: ہم نے اس قرآن کو سمجھنا آسان کر دیا۔ القمر54 آیت 32,22,17

سوال: اللہ نے قرآن میں مثالیں کیوں دیں؟

ج: اللہ نے قرآن میں ان مثالوں کو اس لئے لوگوں کے سامنے بیان کیا کہ لوگ اس میں غور کریں۔

الحشر59 آیت21

2 اللہ نے اس قرآن میں سمجھانے کے لئے ہر طرح کی مثالیں بیان کر دی ہے۔

روم3 آیت59

3 ہم نے قرآن میں لوگوں کو سمجھانے کے لئے ہر طرح کی مثالیں بیان کر دیں۔

بنی اسرائیل17 آیت89 الدخان44 آیت58

4 یہ قرآن لوگوں کے لئے دانائی کی باتیں ہیں اور جو یقین رکھتے ہیں ان کے لئے ہدایت ورحمت ہے۔

الجاثیہ45 آیت20

سوال: قرآن کیا صرف مسلمانوں کیلئے نصیحت ہے؟

ج: یہ قرآن تو تمام جہاں والوں کے لئے نصیحت ہے۔ ص38 آیت87



2 درحقیقت یہ قرآن تو تمام جہاں والوں کے لئے سراسر نصیحت ہے۔

القلم58 آیت52

سوال: قرآن کس نے نازل کیا؟

ج: یہ قرآن تو رب العالمین کا اتارا ہوا ہے۔ الحاقہ69 آیت43

2 قرآن تو رب العالمین کی طرف سے اترا ہے۔ الواقعہ56 آیت80

3 بلاشبہ یہ قرآن رب العالمین کی طرف سے نازل فرمایا ہوا ہے۔

الشعراء26 آیت192

4 یہ قرآن رحمٰن ورحیم کی طرف سے نازل ہوا۔ حم السجدہ41 آیت1

5 یہ کتاب اللہ غالب وحکمت والے کی طرف سے نازل ہوئی ہے۔

الجاثیہ45 آیت2

6 اس کتاب کا اتارنا اللہ تعالیٰ غالب باحکمت کی طرف سے ہے۔

الزمر39 آیت1

سوال: قرآن کس زبان میں نازل ہوا؟

ج: قرآن صاف عربی زبان میں ہے۔ الشعراء26 آیت195

2 بے شک اللہ نے قرآن کو عربی زبان میں نازل کیا تا کہ تم سمجھو۔

الزخرف43 آیت3

3 یقیناً اس قرآن کو ہم نے عربی زبان میں نازل کیا تا کہ تم سمجھ سکو۔

یوسف12 آیت2

سوال: قرآن کب نازل ہوا؟

ج: بلاشبہ ہم نے اس کو ایک بابرکت رات میں نازل کیا۔ الدخان 44 آیت 3

سوال: کون سی بابرکت رات میں نازل ہوا؟

ج: اللہ نے اس قرآن کو لیلۃ القدر میں نازل کیا۔ القدر 97 آیت 1

سوال: قدر والی رات کیا ہے؟

ج: یہ قدر والی رات ہزار مہینے سے بہتر ہے اس رات فرشتے اور جبرائیل علیہ السلام اپنے رب کے حکم سے زمین پر اترتے ہیں۔ یہ رات طلوع فجر تک سلامتی کی رات ہے۔

القدر 97 آیت 3 تا 5

سوال: قرآن کس مہینے میں نازل ہوا؟

ج: رمضان وہ مہینہ ہے جس میں قرآن نازل کیا گیا۔ البقرہ 2 آیت 185

سوال: قرآن مجید کس طرح نازل ہوا؟

ج: ہم (اللہ) نے قرآن آپ ﷺ کی جانب وحی کے زریعے نازل کیا۔

یوسف 12 آیت 3

2 قرآن روح القدوس (حضرت جبرائیل علیہ السلام) اپنے پروردگار کی طرف سے سچائی لے کر نازل ہوئے۔

النحل 16 آیت 102

3 ہم نے قرآن کو تھوڑا تھوڑا کر کے اتارا اس سے دل قوی رکھیں ہم نے اس کو ٹھہر ٹھہر ہی پڑھ کر سنایا۔

الفرقان 25 آیت 32

سوال: قرآن کو کون لوگ چھو سکتے ہیں؟

ج: قرآن کو صرف پاک لوگ ہی چھو سکتے ہیں۔ الواقعہ 56 آیت 79



سوال: قرآن کا اہم مقصد کیا ہے؟

ج: قرآن اللہ تعالیٰ کی طرف سے حق ہے تا کہ آپ ﷺ ان لوگوں کو ڈرائیں جن کے پاس آپ ﷺ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا۔ تا کہ وہ راہ راست پر آ جائیں۔

السجدہ 32 آیت 3

سوال: قرآن کا بلند مقام کیا ہے؟

ج: قرآن تو نصیحت کی چیز ہے جو چاہے اس سے نصیحت لے یہ تو قابل عظمت صحیفوں میں سے ہے جو بلند و بالا پاک وصاف ہے ایسے لکھنے والوں کے ہاتھوں میں جو بزرگ و پاکباز ہیں

عبس 80 آیت 11 تا 16

سوال: کیا قرآن اس سے قبل اتاری گئی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے؟

ج: اللہ نے حق کے ساتھ یہ کتاب نازل فرمائی جو اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق کرنے والی ہے اور ان کی محافظ ہے۔ المائدہ 5 آیت 48

## نماز

سوال: کیا نماز قائم کرنی چاہیئے؟

ج: اور نمازوں کو قائم کرو، زکواۃ دو اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرو۔

البقرہ 2 آیت 43

2 تم نمازیں قائم کرو زکواۃ دیتے رہو اور جو کچھ بھلائی تم اپنے لئے آگے بھیجو گے سب کچھ اللہ کے پاس پاؤ گے اللہ تمھارے اعمالوں کو دیکھ رہا ہے۔ البقرہ 2 آیت 110

سوال: کیا نماز بے حیائی اور برے کاموں سے روکتی ہے؟

ج: اے محمد ﷺ یہ کتاب جو تمھاری طرف وحی کی گئی ہے اس کو پڑھا کرو اور نماز کے

پابند رہو کچھ شک نہیں کہ نماز بے حیائی اور بری باتوں سے روکتی ہے۔

العنکبوت 29 آیت 45

سوال: کیا نماز کے وقت مقرر ہیں؟

ج: یقیناً نماز مومنوں پر مقررہ وقتوں پر فرض ہے۔ ا لنساء 4 آیت 103

سوال: نماز کے اوقات کیا ہیں؟

ج: اے محمد ﷺ سورج ڈھلنے (نکلنے) سے لے کر رات تک (ظہر، عصر، مغرب، عشاء) نمازیں اور صبح کو (فجر میں) قرآن پڑھا کرو۔ بنی اسرائیل 17 آیت 78

2 سورج نکلنے سے پہلے اور اس کے غروب ہونے سے پہلے اپنے پروردگار کی تسبیح اور تحمید کیا کرو اور رات کی ساعات میں بھی اس کی تسبیح کیا کرو اور دن کے اطراف میں بھی۔

طٰہٰ 20 آیت 130

سوال: کیا گھر والوں کو بھی نماز پڑھانی ہے؟

ج: اور اپنے گھر والوں کو بھی نماز کا حکم کرو اور اس پر قائم رہو۔ طٰہٰ 20 آیت 132

سوال: کیا گھر والوں کو نماز کی تاکید کرنی چاہیئے؟

ج: اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دو اور اس پر قائم رہو۔ طٰہٰ 20 آیت 132

سوال: نماز سے قبل کیا کرنا چاہیئے؟

ج: اے ایمان والوں جب نماز کے لئے اٹھو تو اپنے منہ اور اپنے ہاتھ کہنیوں سمیت دھولو اپنے سروں کا مسح کرو ۔اور اپنے پاؤں ٹخنوں سمیت دھولو اور اگر تم جنابت (حالت غسل) میں ہو تو غسل کرلو۔

المائدہ 5 آیت 6

سوال: اگر غسل کے لئے پانی نہ ہو تو کیا کرنا چاہیئے؟

ج: اگر تم کو پانی نہ ملے تو پاک مٹی کا قصہ (تیمّم) کرو۔ اور اپنے منہ اور ہاتھ مل لو بے شک اللہ معاف کرنے والا اور بخشنے والا ہے۔ النساء 4 آیت 43، المائدہ 5 آیت 6



سوال: نماز کس حالت میں نہیں پڑھنی چاہیئے؟

ج: اے ایمان والو جب تم نشے کی حالت میں ہو تو نماز کے قریب بھی نہ جاؤ جب تک اس بات کو سمجھنے نہ لگو اور جنابت کی حالت میں جب تک غسل نہ کرلو۔ النساء 4 آیت 43

سوال: نماز کس رخ پڑھنی چاہیئے؟

ج: آپ ﷺ اپنا رخ مسجد حرام کی طرف پھیر لیں اور جہاں بھی ہو اپنا رخ اسی طرف پھیرا کریں۔

البقرہ 2 آیت 144

2 آپ جس جگہ سے بھی نکلیں اپنا رخ مسجد حرام کی طرف پھیر لیں اور جہاں کہیں بھی ہو اپنا رخ مسجد حرام کی طرف کیا کرو تاکہ لوگوں میں کوئی حجت نہ باقی رہے۔

البقرہ 2 آیت 150

سوال: نمازی کا کیا درجہ ہے؟

ج: بے شک جو لوگ ایمان کے ساتھ نیک عمل کرتے ہیں نمازوں کو قائم کرتے اور زکواۃ ادا کرتے ہیں انکا اجر اللہ رب العزت کے پاس ہے ان پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ اداسی۔

البقرہ 2 آیت 277

سوال: نماز کی حفاظت کرنی چاہیئے؟

ج: نمازوں کی حفاظت کرو بالخصوص درمیان والی نماز کی اور اللہ کے لئے باادب کھڑے رہا کرو

البقرہ 2 آیت 238

سوال: سفر میں نماز کس طرح ادا کرنی چاہیئے؟

ج: جب تم سفر میں جا رہے ہو تو نمازوں کے قصر کرنے میں کوئی گناہ نہیں۔

النساء 4 آیت 101

سوال: کیا نماز عاجزی سے پڑھنی چاہیئے؟

ج: یقیناً ایمان والوں نے فلاح حاصل کر لی جو اپنی نمازوں میں خشوع (عاجزی) کرتے ہیں۔

المومن 23 آیت 1,2

سوال: نماز کے بعد کیا کرنا چاہیئے؟

ج: جب تم نماز پڑھ چکو تو اٹھتے بیٹھتے اور لیٹے اللہ کا ذکر کیا کرو۔ النساء 4 آیت 103

سوال: مساجد میں اللہ کے ذکر کو روکنے والوں کی کیا سزا ہے؟

ج: اس شخص سے بڑھ کر اور کون ظالم ہوگا جو اللہ کی مسجدوں میں اللہ کے ذکر سے روکے اور ان کی ویرانی کی کوشش کرے ایسے لوگوں کو خوف کھاتے ہوئے ہی اسمیں جانا چاہیئے اس لئے کے دنیا میں رسوائی اور آخرت میں دردناک عذاب ہے۔ البقرہ 2 آیت 114

سوال: رنج اور تکلیف میں کس سے مدد حاصل کی جائے؟

ج: رنج اور تکلیف میں نماز اور صبر سے مدد لیا کرو۔ البقرہ 2 آیت 45

2 فرمانبردار لوگوں کے سامنے جب اللہ کا نام لیا جاتا ہے تو ان کے دل ڈر جاتے ہیں اور جب ان پر مصیبت آتی ہے تو صبر کرتے اور نماز آداب سے پڑھتے ہیں اور جو مال اللہ نے عطا کیا ہے اسمیں سے خرچ کرتے ہیں۔

الحج 22 آیت 35

سوال: نمازیں اور عبادتیں کس کے لئے ہیں؟

ج: کہہ دو کہ میری نماز، میری عبادات، میرا جینا اور میرا مرنا سب اللہ رب العالمین ہی کے لئے ہے جسکا کوئی شریک نہیں اور مجھے اسی کا حکم ہوا ہے کہ سب ماننے والوں میں اول فرمانبردار ہوں۔

انعام 6 آیت 162-163

سوال: نماز پڑھنے اور زکواۃ دینے والے پر اللہ کیا کرتا ہے؟

ج: نماز پڑھتے رہو اور زکواۃ ادا کرتے رہو اور پیغمبر اللہ کے فرمان پر چلتے رہو تا کہ تم پر رحمت کی جائے۔

النور 2 آیت 56



## روزہ

سوال: روزے کیا فرض ہیں؟

ج: اے ایمان والو تم پر روزے فرض کیئے گئے۔ البقرہ 2 آیت 183

سوال: ماہ رمضان میں مسلمان کیا کریں؟

ج: تم میں (مسلمانوں) جو شخص اس ماہ (رمضان) کو پائے تو اس کو روزہ رکھنا چاہیئے

البقرہ 2 آیت 185

سوال: روزہ کب سے کب تک رکھنا چاہیئے؟

ج: تم خوب کھاؤ پیو اور جب یہاں تک کہ صبح کا سفید دھاگہ سیاہ دھاگے سے ظاہر ہو جائے تو پھر رات تک روزہ پورا کرو۔ البقرہ 2 آیت 187

سوال: روزے کتنے دن ہیں؟

ج:1 روزے گنتی کے چند دن ہی ہیں۔ البقرہ 2 آیت 184

2. جو کوئی بھی تم میں سے اس مہینے میں موجود ہو اس کو چاہیئے کہ وہ پورا مہینے کے روزے رکھے۔

البقرہ 2 آیت 185

سوال: روزے سے کیا حاصل ہوتا ہے؟

ج: روزے اس لئے فرض ہیں کہ تم تقوی (پرہیزگاری) حاصل کرو۔

البقرہ 2 آیت 183

سوال: روزہ کون لوگ چھوڑ سکتے ہیں؟

ج: تم میں سے جو شخص بیمار ہو یا سفر میں ہو تو دوسرے دنوں میں شمار پورا کریں۔

البقرہ 2 آیت 184

سوال: روزہ کا فدیہ کیا ہے؟

ج: روزے کے بدلے محتاج کو کھانا کھلانا ہے۔ البقرہ 2 آیت 184

سوال: فدیہ یا روزہ کیا بہتر ہے؟

ج: اگر سمجھو تو روزہ رکھنا ہی زیادہ بہتر ہے تمھارے حق میں۔ البقرہ 2 آیت 184

سوال: روزہ میں کیا عورتوں (بیوی) کے پاس جا سکتے ہیں؟

ج: روزہ (رمضان) کی راتوں میں تمھارے لئے عورتوں کے پاس جانا جائز کر دیا ہے۔

البقرہ 2 آیت 187

## زکواۃ صدقات

سوال: کیا زکواۃ کا حکم اللہ نے دیا ہے؟

ج: نماز قائم کرو اور زکواۃ دو۔ البقرہ 2 آیت 43، البقرہ 2 آیت 110

2 نماز پڑھتے رہو اور زکواۃ ادا کرتے رہو اور پیغمبر اللہ کے فرمان پر چلتے رہو تا کہ تم پر رحمت کی جائے۔

النور 24 آیت 56

3 اللہ کی راہ میں مال خرچ کرتے رہو اور اپنے آپ کو ہلاکت میں مت ڈالو۔

البقرہ 2 آیت 195

سوال: کیا زکواۃ دینے سے مال کم ہوتا ہے؟

ج: جو لوگ زکواۃ دیتے ہیں اللہ کی خوشنودی کے لئے تو ایسے لوگ اپنا مال دوگنا کرنے والے ہیں۔

الروم 30 آیت 39



سوال: کیا اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنا چاہیئے؟

ج: مومنوں جو پاکیزہ اور عمدہ مال تم کھاتے ہو اور جو چیزیں اللہ نے تمھارے لئے زمین سے نکالی ہیں ان میں سے اللہ کی راہ میں خرچ کرو۔ البقرہ 2 آیت 267

سوال: اللہ کی راہ میں کیا خرچ کریں:

ج: اے محمد ﷺ لوگ آپ سے پوچھتے ہیں کہ اللہ کی راہ میں کیا خرچ کریں کہہ دیں کہ جو چاہے خرچ کرو۔

البقرہ 2 آیت 215

2 اور لوگ آپ ﷺ سے یہ بھی پوچھتے ہیں کہ (اللہ کی راہ) میں کونسا مال خرچ کریں، آپ ﷺ کہہ دیں کہ جو (مال) ضرورت سے زیادہ ہو۔ البقرہ 2 آیت 219

سوال: اللہ کی راہ میں کس پر مال خرچ کیا جائے؟

ج: جو مال تم خرچ کرو وہ ماں باپ رشتہ داروں یتیموں مسکینوں اور مسافروں کے لئے ہے۔

البقرہ 2 آیت 215

2 جو مال تم خرچ کرو گے اللہ کی راہ میں رکھے ہوئے حاجت مندوں میں جو ملک میں کسی جگہ جانے کی طاقت نہیں رکھتے۔ یہاں تک کہ نہ مانگنے پر ناواقف شخص ان کو غنی سمجھتا ہے اور جو شرم کے باعث منہ سے اور لپٹ کر نہیں مانگتا۔ اور جو مال تم خرچ کرو گے اللہ اس کو خوب جانتا ہے۔

البقرہ 2 آیت 273

3 صدقات (خیرات و زکواۃ) تو مفلسوں محتاجوں اور کارکنان صدقات کا حق ہے اور ان لوگوں کا جن کی تالیف قلوب منظور ہے، غلاموں کو آزاد کرانے، قرض داروں کا قرض ادا کرنے اور خدا کی راہ میں مال خرچ کرنے، فرض ہے یہ اللہ کی طرف سے اور اللہ علم و حکمت والا ہے۔

التوبہ 9 آیت 60

سوال: اللہ کی راہ میں خرچ کرنے والوں کو کیا ملے گا؟

ج1: اللہ تمھارے گناہوں کو دور کرے گا اللہ کو تمھارے سب کاموں کی خبر ہے۔

البقرہ 2 آیت 271

2 اور جو تم خرچ کرو گے اللہ کی خوشنودی کے لئے تو اللہ تم کو اسکا پورا پورا بدلہ دے گا۔

البقرہ 2 آیت 272

3 جو لوگ اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں انکا (بدلہ) صلہ ان کے رب کے پاس ہے اور ان کو قیامت کے دن کس طرح کا نہ خوف ہوگا اور نہ غم۔ البقرہ 2 آیت 274

سوال: اگر قرض خواہ تنگ دست ہو تو کیا کرنا چاہیئے؟

ج: اگر قرض لینے والا تنگ دست ہو تو اس کو مہلت دو اور اگر ہو سکے تو اس کو معاف کردو تو وہ تمھارے لئے زیادہ اچھا ہے بشرط تم سمجھو۔ البقرہ 2 آیت 281

سوال: کیا مال انسان کی آزمائش ہے؟

ج: تمھارے مال اور اولاد تمھارے لئے آزمائش ہیں۔ التغابن 64 آیت 15

سوال: زکواۃ کیوں لی جاتی ہے؟

ج: آپ ﷺ مومنوں سے ان کے مالوں سے صدقہ (زکواۃ) لے لیجئے تاکہ اس کے ذریعے آپ ﷺ ان کو (زکواۃ دینے والوں) کو پاک (ظاہر میں بھی) اور (باطن میں بھی) پاکیزہ کرتے رہو اور ان کے لئے دعا کیجئے۔

التوبہ 9 آیت 103

سوال: زکواۃ ادا نہ کرنے والے کا کیا انجام ہے؟

ج1: جو لوگ اس مال میں جسے اللہ نے اپنے فضل و کرم سے انہیں عطا کیا ہے بخل کرتے ہیں وہ اس بخل کو اپنے حق میں اچھا نہ سمجھیں بلکہ یہ ان کے لئے برا ہے۔ جس مال میں بخل کرتے ہیں قیامت کے دن اسکا طوق بنا کر ان کی گردنوں میں ڈالا جائے گا۔

آل عمران 3 آیت 180



2 جو لوگ سونا چاندی جمع کرتے ہیں اور اس کو اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے ان کو عذاب الیم کی خبر سنا دو۔ جس دن وہ (مال) دوزخ کی آگ میں (خوب) گرم کیا جائے گا اور پھر اس سے ان (بخیلوں) کی پیشانیاں اور پہلو اور پیٹھیں داغی جائیں گی (اور کہا جائے گا) یہ وہی (مال) ہے جو تم نے اپنے لئے جمع کیا تھا سو جو تم جمع کرتے تھے اب اسکا مزہ چکھو۔

التوبہ 9 آیت 34-35

سوال: کیا مال کی طلب انسان کو غافل کر دیتی ہے؟

ج: (لوگوں) تم کو (مال کی) بہت سی طلب نے غافل کر دیا یہاں تک تم قبروں تک جا پہنچے۔

التکاثر 102 آیت 1,2

## حج وعمرہ

سوال: خانہ کعبہ کی جگہ کو اللہ نے کیا قرار دیا؟

ج: اللہ نے خانہ کعبہ (بیت اللہ) کو ثواب کے لئے جمع ہونے اور امن وامان کی جگہ قرار دیا اور حکم دیا کہ مقام ابراہیم کو نماز کی جگہ بنالو اور اللہ نے ابراہیم واسمٰعیل علیہ السلام سے وعدہ لیا کہ اس گھر کا طواف کرنے والوں اور اعتکاف کرنے والوں اور رکوع وسجدہ کرنے والوں کے لئے پاک وصاف رکھو گے۔

البقرہ 2 آیت 125

2 اور جب اللہ نے کعبہ کے مکان کی جگہ مقرر کر دی تو اس شرط پر کہ میرے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا، اور میرے گھر کو طواف، قیام، رکوع وسجدہ کرنے والوں کے لئے پاک وصاف رکھنا۔

الحج 22 آیت 26

سوال: کعبہ کی تعمیر کے بعد حضرت ابراہیم نے کیا کہا؟

ج: اور لوگوں کو حج کے لئے (ندا) منادی کردو کہ حج کے لئے پیادہ اور (سواری) دبلے

پتلے اونٹوں پر بھی اوراور دور دراز کے راستوں سے بھی آئیں۔ الحج22 آیت 27

سوال: حج کے مقررہ دنوں میں کیا کرنا چاہیئے؟

ج: ان مقررہ دنوں میں اللہ کا نام یاد کریں اوران چوپایوں پر جو پالتو ہو پس آپ بھی کھاؤ اور بھوکے فقیروں کو بھی کھلاؤ پھر وہ اپنا میل کچیل دور کریں اپنی نذر پوری کریں۔ اللہ کے قدیم گھر کا طواف کریں۔

الحج22 آیت 28-29

سوال: صفا مروہ کس کی نشانی ہیں؟

ج: صفا مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ایک ہے۔ البقرہ2 آیت 158

سوال: صفا مروہ پر کیا کرنا چاہیئے؟

ج: عمرہ وحج بیت اللہ کرنے والوں کے لئے صفاومروہ کا طواف کر لینے میں کوئی گناہ نہیں۔ اپنی خوشی سے بھلائی کر نے والوں کا اللہ قدر دان ہے اوران کو خوب جاننے والا۔

البقرہ2 آیت 158

سوال: حج وعمرہ کو کس کے لئے پورا کرنا چاہیئے؟

ج: حج اور عمرہ کو اللہ تعالیٰ کے لئے پورا کرو۔ البقرہ2 آیت 196

سوال: دوران سفر کوئی رکاوٹ آجائے تو کیا کرنا چاہیے؟

ج: اگر (راستے) میں روک لئے جاؤ تو جیسی قربانی میسر ہو کر دو، اور جب تک اپنی قربانی کی جگہ نہ پہنچ جاؤ اپنے سر کے بال نہ منڈاؤ۔ البقرہ2 آیت 196

سوال: اگر کوئی بیماری یا تکلیف کے باعث سر نہ منڈائے تو؟

ج: اگر تم میں سے کوئی بیمار ہو یا کوئی تکلیف میں ہو تو اس پر فدیہ ہے یا روزے رکھے یا قربانی کرے۔

البقرہ2 آیت 196



سوال: اگر قربانی نہ کر سکا تو؟

ج: وہ تین دن روزے ایام حج میں رکھے اور سات دن بعد میں دس دن پورے کرے اور یہ حکم اس کے لئے ہے جس کے اہل عیال مکہ میں رہنے والے نہ ہوں۔ البقرہ2 آیت 196

سوال: حج کے دنوں میں کیا نہیں کرنا چاہیئے؟

ج: حج کے دن مقرر ہیں اس لئے جو شخص ان میں حج لازم کرے تو وہ اپنی بیوی سے میل ملاپ کرنے گناہ کرنے اور لڑائی جھگڑے سے بچتا رہے۔ البقرہ2 آیت 198

سوال: کیا حج کے دنوں میں تجارت کر سکتے ہیں؟

ج: اور اپنے رب کا فضل (تجارت) تلاش کرنے میں کوئی گناہ نہیں۔

البقرہ2 آیت 198

سوال: حج کے ارکان کرنے کے بعد کیا کرنا چاہیئے؟

ج: حج کے ارکان ادا کر چکو تو اللہ کے ذکر کیا کرو جس طرح اپنے باپ دادا کو یاد کرتے ہو بلکہ اس سے بھی زیادہ۔

البقرہ2 آیت 200

سوال: منیٰ میں کیا کرنا چاہیئے؟

ج: اور (قیام منیٰ) کے دنوں میں جو گنتی کے دن ہیں اللہ کو یاد کرو اور کوئی جلدی کرے اور دو دن میں چل دے تو اس پر کوئی گناہ نہیں۔ البقرہ2 آیت 203

سوال: کیا حالت احرام میں شکار کرنا چاہیئے؟

ج: حالت احرام میں شکار کو حلال جاننے والوں میں نہ بننا۔ المائدہ5 آیت 1

2 اور جب تک تم احرام کی حالت میں ہو تم پر (زمین کا) شکار حرام ہے۔ المائدہ5 آیت 96

3 مومنوں جب تم احرام کی حالت میں ہو شکار نہ مارنا۔ المائدہ5 آیت 95

4 تمہارے لیے سمندر کا شکار اور اسکا کھانا حلال کیا گیا ہے۔ المائدہ5 آیت 95

سوال: اگر کوئی شکار کرلے تو کیا کفارہ ہے؟

ج: اگر کوئی شخص جان بوجھ کر قتل (شکار) کرے گا تو اس پر فدیہ واجب ہوگا جو کہ مساوی ہوگا اس جانور کے جس کو اس شخص نے شکار کیا جسکا فیصلہ دو معتبر شخص کریں یہ قربانی کعبہ تک پہنچائی جائے یا کفارہ دے کہ مسکینوں کو کھانا کھلائے یا روزے رکھے تاکہ وہ اپنی کام کی سزا کا مزا چکھے

المائدہ 5 آیت 95

سوال: شکار سے کیوں منع کیا گیا ہے؟

ج: اللہ آزمائش کرتا ہے کہ کون اس سے بن دیکھے ڈرتے ہیں یہ معلوم کرسکے۔

المائدہ 5 آیت 94

سوال: حد سے نکلنے والے کی سزا کیا ہے؟

ج: جو کوئی بھی حد سے نکلے گا اس کے واسطے دردناک سزا ہے۔

المائدہ 5 آیت 94

سوال: قربانی کس لئے؟

ج: اللہ نے ہر امت پر قربانی کا طریق کار مقرر کردیا ہے تاکہ چوپائے مویشیوں پر جو اللہ نے دیئے ہیں ان پر اللہ کا نام لے کر قربانی کریں۔ سو تمھارا معبود ایک ہی ہے تو اس کے فرمانبردار ہو جاؤ اور عاجزی کرنے والوں کو خوشخبری دے دو۔

الحج 22 آیت 34

سوال: کیا قربانی کا گوشت اللہ کو پہنچتا ہے؟

ج: اللہ کو قربانی کا گوشت نہیں پہنچتا اور نہ ہی اسکا خون بلکہ اس کو تو تمھارے دلوں کی پرہیزگاری پہنچتی ہے۔

الحج 22 آیت 37



سوال: قربانی کا گوشت کس کو کھانا چاہیئے؟

ج: قربانی کے گوشت کو خود بھی کھاؤ مسکینوں اور سوال کرنے والوں کو بھی کھلاؤ۔

الحج 22 آیت 36

## حقوق العباد

سوال: ماں باپ کے ساتھ کیسا سلوک کرنا چاہیئے؟

ج:1 اور تمھارے پروردگار نے فرمایا کہ اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو اور ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرتے رہو۔

بنی اسرائیل 17 آیت 23

2 اور ہم (اللہ) نے انسانوں کو ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرنے کا حکم دیا۔

العنکبوت 29 آیت 8

سوال: ماں باپ کا کہنا کب نہیں ماننا چاہیئے؟

ج: اور تیرے ماں باپ تیرے درپے ہو اور تو میرے ساتھ کسی کو شریک بنائے جس کی تجھے خبر نہ ہو تو ان کا کہنا نہ ماننا۔

العنکبوت 29 آیت 8

2 اگر وہ تیرے درپے ہوں کہ تو میرے ساتھ ایسی کسی چیز کو میرا شریک کرے جسکا تجھے علم نہیں تو انکا کہنا مت ماننا

لقمن 31 آیت 15

سوال: اگر ماں باپ بوڑھے ہو جائیں تو کیا رویہ اختیار کرنا چاہیئے؟

ج: اگر ماں باپ میں سے دونوں یا کوئی ایک تمھارے سامنے بڑھاپے کو پہنچ جائے تو ان کو اف تک نہ کہنا اور نہ ان کو جھڑک کر بات کرنا اور ان کے ساتھ ادب سے بات کرنا۔

بنی اسرائیل 17 آیت 23

سوال: بوڑھے ماں باپ کے لئے اللہ سے کیا دعا کرنی چاہیئے؟

ج: بوڑھے ماں باپ کے سامنے عجزہ و نیاز کے ساتھ جھکتے رہو اور ان کے حق میں دعا کرو کہ اے پروردگار تو ان پر ایسا ہی رحم کر جیسا کہ انہوں نے میرے بچپن میں میری پرورش کی۔

بنی اسرائیل 17 آیت 24

سوال: اللہ کے ساتھ ماں باپ کا شکر کیوں ادا کرنا چاہیئے؟

ج: ہم نے انسان کو جسے اس کی ماں تکلیف پر تکلیف سہہ کر پیٹ میں اٹھائے رکھتی ہے (پھر اس کو دودھ پلاتی ہے )اور دو برس میں اسکا دودھ چھڑانا ہوتا ہے اس کے ماں باپ کے بارے میں تاکید ہے کہ میرا بھی شکر ادا کرتا رہ اور اپنے ماں باپ کا بھی اور تم لوٹ کر میری (اللہ) ہی طرف آؤ گے۔

لقمٰن 31 آیت 14

سوال: دنیا کے کاموں میں ماں باپ کا کس طرح ساتھ دینا چاہیئے؟

ج: ہاں دنیا کے کاموں میں ماں باپ کا اچھی طرح ساتھ دینا اور اس کی راہ پر چلنا جو اللہ کی طرف جھکا ہوا ہو تمھارا سب کا لوٹنا اللہ ہی طرف ہے۔ لقمٰن 31 آیت 15

سوال: اللہ نے اپنے اور اپنے اہل و عیال کو کس چیز سے بچانے کا حکم دیا ہے؟

ج: اے ایمان والوں تم اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو اس آگ سے بچاؤ جسکا ایندھن انسان اور پتھر ہونگے جس پر اللہ کی طرف سے سخت دل اور مضبوط فرشتے مقرر ہیں ان کو جو حکم دیا جاتا ہے اس کی نافرمانی نہیں کرتے اور حکم بجالاتے ہیں۔ التحریم 66 آیت 6

سوال: اللہ نے کن کن کے ساتھ احسان کرنے کا حکم دیا؟

ج: اللہ کی عبادت کرو اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناؤ ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک اور احسان کرو اور رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں، قرابت دار ہمسائے اور اجنبی ہمسائے اور پہلو کے ساتھی اور راہ کے مسافر اور جن کے مالک تمھارے ہاتھ ہیں (غلام، کنیز، ماتحت)۔

النساء 4 آیت 36



سوال: اللہ کن لوگوں کو پسند نہیں کرتا؟

ج: اللہ تکبر کرنے والوں شیخی خوروں وہ لوگ جو خود بخیلی کرتے اور دوسروں کو بھی بخیلی کرنے کو کہتے ہیں وہ جو اللہ کے فضل کو چھپاتے ہیں وہ لوگ جو اپنا مال دکھاوے کے لئے خرچ کرتے ہیں ان سب کو پسند نہیں کرتا۔

النساء 4 آیت 37,36

سوال: اللہ کے نزدیک کونسا شخص اچھا ہے؟

ج: اللہ کے نزدیک وہ شخص اچھا ہے جو اللہ تعالیٰ پر قیامت کے دن پر فرشتوں اللہ کی کتابوں پر اور نبیوں پر ایمان رکھتے ہو۔ جو مال سے محبت کرنے کے باوجود قرابت داروں، یتیموں، مسکینوں مسافروں اور سوال کرنے والوں کو دے غلاموں کو آزاد کرے، نماز کی پابندی اور زکواۃ کی ادائیگی کرے جب وعدہ کرے تو اس کو پورا کرے، تنگدستی دکھ درد اور لڑائی میں صبر کرے یہ ہی سچے لوگ ہیں اور یہ ہی پرہیزگار ہیں۔ البقرہ 2 آیت 177

سوال: کن لوگوں کا حق ادا کرنا چاہیئے؟

ج: رشتے داروں، مسکینوں اور مسافروں کا حق ادا کرتے رہو اور اسراف اور بیجا خرچ سے بچو۔

(1) الروم 30 آیت 38 (2) بنی اسرائیل 17 آیت 26

سوال: فضول (بیجا) خرچ کرنے والے کون ہیں؟

ج: فضول بے جا خرچ کرنے والے شیطان کے بھائی ہیں۔

بنی اسرائیل 17 آیت 27

سوال: سوال کرنے والے کو اگر منع کرنا ہو تو کس طرح کرنا چاہیئے؟

ج: اپنے رب کی رحمت کی جستجو میں جس کی تو امید رکھتا ہے تو تم کو چاہیئے کہ عمدگی اور نرمی کے ساتھ ان کو سمجھا دو۔

بنی اسرائیل 17 آیت 28

2 تم میں سے جو کشادگی اور بزرگی والے ہیں انہیں اپنے قرابت داروں مسکینوں اور مہاجروں کو فی سبیل اللہ دینے سے قسم نہیں کھانی چاہیئے مگر ان کو معاف کرنا اور درگزر کرنا چاہیئے ۔ کیا تم نہیں چاہتے کہ اللہ تمھارے قصور معاف کردے۔

النور 24 آیت 22

سوال: اللہ کی راہ میں خرچ کرنے والے مال کی مثال کیسی ہے؟

ج: جو لوگ اللہ کی راہ میں مال خرچ کرتے ہیں ان کی مثال اس دانے سی ہے جس سے سات بالیں اگیں اور ہر بال میں سو۔سو دانے ہوں اور اللہ جس کے مال کو چاہے زیادہ کرتا ہے

البقرہ 2 آیت 261

سوال: اللہ کی راہ میں خرچ والے کا صلہ ہے؟

ج: جو لوگ اللہ کی راہ میں مال خرچ کرتے ہیں پھر اس کے بعد نہ کسی پر احسان کرتے اور نہ تکلیف دیتے ہیں ان کا صلہ ان کے پروردگار کے پاس ہے اور قیامت کے دن ان کو نہ خوف ہوگا اور نہ غمگین ہونگے۔

البقرہ 2 آیت 262

سوال: احسان اور تکلیف دے کر خرچ کرنے والوں کی کیسی مثال ہے؟

ج: مومنوں اپنے صدقات احسان رکھنے اور تکلیف دینے سے برباد نہ کردینا جو لوگ دکھاوے کے لئے مال خرچ کرتا ہے اس کی مثال ایسی ہے جیسے ایک چٹان پر تھوڑی سے مٹی ہو اور ذراسی بارش اس کو بہا کرلے جائے اسی طرح (دکھاوے) ریاکار لوگ اپنے اعمال کا کچھ صلہ نہ حاصل کر پائیں گے۔

البقرہ 2 آیت 264

سوال: کیا اللہ کی راہ میں چھپ کر دینا چاہیئے؟

ج: اگر تم اللہ کی راہ میں ظاہر کر کے خرچ کرو تو وہ خوب ہے اور پوشیدہ (چھپا کر) دو اور دو ہی حاجت مندوں کو تو وہ خوب تر ہے۔ البقرہ 2 آیت 271



سوال: اللہ کی راہ میں کونسا مال خرچ کرنا چاہیئے؟

ج: لوگ آپ ﷺ سے پوچھتے ہیں کہ اللہ کی راہ میں کونسا مال خرچ کریں آپ ﷺ کہہ دیں کہ جو مال تمھاری ضرورت سے زیادہ ہو۔ البقرہ 2 آیت 219

سوال: اپنے اور اپنی اولاد اور مرحوم والدین کے لئے کیا دعا کرنی چاہیئے؟

ج: اے میرے پروردگار مجھے نماز کا پابندہ رکھ اور میری اولاد کو بھی اے میرے پروردگار مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو بھی بخش دے اور دیگر مومنوں کو بھی بخش دے جس دن حساب ہونے لگے۔

ابراہیم 14 آیت 40,41

2 اے میرے پروردگار مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور جو ایمان لا کر میرے گھر آئیں تمام ایمان والے مردوں اور تمام ایمان لانے والی عورتوں کو معاف کردے۔

نوح 71 آیت 28

سوال: میاں بیوں کا باہم رشتہ کیسا ہونا چاہیئے؟

ج: تم اپنی بیویوں کی پوشاک ہو اور تمھاری بیوی تمھاری پوشاک (لباس) ہیں۔

البقرہ 2 آیت 187

سوال: اگر میاں بیوی میں ان بن ہو جائے تو کیا کرنا چاہیئے؟

ج: اگر تم کو معلوم ہے کہ میاں بیوی میں ان بن ہے تو ایک منصف مرد کے خاندان سے اور ایک منصف عورت کے خاندان سے مقرر کرو اگر یہ دونوں صلح کرنا چاہیں تو یقیناً اللہ کرا دے گا

النساء 4 آیت 35

سوال: میاں بیوی میں کسی کا رتبہ بڑا ہے؟

ج: مرد عورتوں پر حاکم ہیں۔اللہ نے ایک کو دوسرے پر فضیلت دی اس کی وجہ یہ ہے کہ مرد خرچہ اٹھاتے ہیں۔

النساء 4 آیت 34

سوال: نیک بیویاں کیا کرتی ہیں؟

ج: نیک بیبیاں (بیویاں) مردوں کے حکم پر چلتی ہیں اور ان کے پیچھے اللہ کی حفاظت میں (مال و آبرو) کی حفاظت کرتی ہیں۔ النساء4 آیت34

سوال: نافرمان بیویوں کے ساتھ کیسا سلوک کرنا چاہیئے؟

ج: اور جن عورتوں کی نافرمانی اور بد دماغی کا تمھیں خوف ہو تو ان کو نصیحت (سمجھایا) کرو پھر ان کے ساتھ سونا ترک کرو اور پھر بھی باز نہ آئیں تو ان کو مار کی سزا دینے کی اجازت ہے۔

النساء4 آیت34

سوال: اگر فرمانبردار ہو جائے تو؟

ج: اگر وہ فرمانبردار ہو جائیں تو پھر تم ان کو ایذا دینے کا بہانہ مت ڈھونڈنا۔

النساء4 آیت34

سوال: کیا بیوی کو دیا ہوا تحفہ یا کوئی اور چیز واپس لی جا سکتی ہے؟

ج: اگر تم نے اس کو (بیوی) خزانے کا خزانہ بھی دے چکے ہو تو بھی تم اس سے کچھ نہ لو۔ بھلا تم ناجائز طور پر اور صریح ظلم سے اپنا مال واپس لو گے اور دیا ہوا مال تم کیونکر لے سکتے ہو جب تم ایک دوسرے کے ساتھ میل ملاپ (صحبت) کر چکے ہو اور وہ تم سے اس نے مضبوط عہد و پیماں لے چکا ہے۔

النساء4 آیت20-21

سوال: کن عورتوں سے نکاح نہیں کرنا چاہیئے؟

ج: مومنو مشرک عورتوں سے جب تک وہ ایمان نہ لائیں نکاح نہ کرنا۔

البقرہ2 آیت220

سوال: اللہ نے قرآن میں بیویوں کی کیا مثال دی ہے؟

ج: تمھاری بیویاں تمھارے لئے مثل کھیتی ہیں۔ البقرہ2 آیت223



سوال: اسلام کتنی عورتوں سے بیک وقت نکاح کی اجازت دیتا ہے؟

ج: اگر تم کو اس بات کا خوف ہے کہ یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف نہ کر سکو گے تو ان کے سوا دو دو تین تین چار چار عورتیں جو تم کو پسند ہوں نکاح کر لو۔ النساء4 آیت3

سوال: یہ شادیاں کس شرط پر ہوں گی؟

ج: اگر تم ان سب سے برابر کا سلوک کر سکوں۔ النساء4 آیت3

سوال: کیا انسان برابر کا سلوک کر سکتا ہے؟

ج: اور تم خواہ کتنا ہی چاہو تم عورتوں میں ہرگز برابری نہ کر سکو گے اور ایسا بھی نہیں کرنا کہ ایک طرف ہی ڈھل جاؤ

النساء4 آیت129

سوال: اگر برابری کا سلوک نہ کر پائیں تو؟

ج: اگر اس بات کا اندیشہ ہو کہ برابری کا سلوک نہ کر سکوں گے تو پھر ایک عورت ہی کافی ہے۔

النساء4 آیت3

سوال: شادی کی کیا شرائط ہیں؟

ج: حصار (قلعہ) نکاح میں لینا۔ مہر مقرر کرنا عظمت قائم رکھنے کے لئے نہ کہ شہوت روانی کیلئے۔

النساء4 آیت24

2 پاک دامن مومن/ عورتیں اور پاک دامن اہل کتاب عورتیں بھی حلال ہیں بہ شرط کہ انکا مہر دے دو اور ان سے عفت قائم رکھنی مقصود ہو نہ کہ کھلی بدکاری اور نہ چھپی آشنائی (دوستی)۔

المائدہ5 آیت5

سوال: کیا عورتوں کے مہر دینے چاہئیں؟

ج: عورتوں کو ان کے مہر خوشی سے دے دیا کرو۔ النساء4 آیت4

سوال: عورت کیا کچھ مہر چھوڑ سکتی ہے؟

ج: اگر وہ خوشی سے مہر میں سے کچھ چھوڑ دیں تو تم اسے شوق سے کھالو۔

النساء4 آیت4

سوال: کیا مہر میں کمی اور زیادتی ہوسکتی ہے؟

ج: مہر مقرر ہونے کے بعد اگر باہم رضامندی سے اسمیں کمی اور زیادتی کرلو تو اسمیں کوئی گناہ نہیں۔

النساء4 آیت24

سوال: کن عورتوں سے نکاح نہیں ہوسکتا؟

ج: مگر جن عورتوں سے تمھارے باپ نے نکاح کیا ہو ان سے نکاح مت کرنا ان کے علاوہ تم پر تمھاری مائیں، بیٹیاں، بہنیں، اور پھوپھیاں، خالائیں، بھتیجیاں، بھانجیاں وہ مائیں جنہوں نے تم کو دودھ پلایا رضائی بہنیں اور ساسیں اور وہ عورتیں جن سے تم نے مباشرت کی ہو ان کی لڑکیاں اور تمھارے صلبی بیٹوں کی بیویاں اور دو بہنوں کا اکٹھا کرنا اور شوہر والی عورتیں ان سب سے نکاح نہیں ہوسکتا۔ النساء24-23-22

سوال: کیا بیوی بچے دشمن بھی ہوسکتے ہیں؟

ج: مومنوں تمھاری عورتوں اور اولاد میں سے بعض تمھارے دشمن بھی ہوسکتے ہیں۔

التغابن64 آیت14

سوال: کیا مال اور اولاد آزمائش ہے؟

ج: تمھارا مال اور اولاد تو آزمائش ہے۔ التغابن64 آیت15

سوال: مال اور اولاد دراصل کیا ہیں؟

ج: مال اور اولاد تو دنیا کی زندگی کی (رونق) زینت ہیں۔ الکھف18 آیت46

سوال: بیوی اور بچوں کے لئے کیا دعا کرنی چاہیئے؟

ج: اے ہمارے پروردگار ہم کو ہماری بیویوں کی طرف سے (دل کا چین) اور اولاد کی طرف سے آنکھ کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہم کو پرہیزگاروں کا امام بنا۔ الفرقان25 آیت74



سوال: کیا بیوہ عورت کا نکاح کردینا چاہیئے؟

ج: اور تم اپنی قوم کی بیوہ عورتوں کا نکاح کردیا کرو۔ النور24 آیت32

2 جب یہ عورتیں عدت پوری کرلیں اور اپنے حق میں پسندیدہ کام (یعنی نکاح) کرلیں تو کچھ گناہ نہیں اور اللہ تمام کاموں سے واقف ہے۔ البقرہ2 آیت234

سوال: ماں بچے کو کب تک دودھ پلاسکتی ہے؟

ج: اور مائیں اپنے بچوں کو دوسال تک دودھ پلائیں۔ البقرہ2 آیت233

سوال: بیٹے اور بیٹیاں کون دیتا ہے؟

ج: اللہ زمین و آسمانوں کی بادشاہی کا مالک ہے اور جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے، جسے چاہتا ہے بیٹیاں عطا کرتا ہے اور جس کو چاہتا ہے بیٹے بخشتا ہے یا ان کو بیٹے اور بیٹیاں دونوں عنایت فرماتا ہے۔ اور جس کو چاہتا ہے بے اولاد رکھتا ہے وہ سب کچھ جانتا اور ہر چیز پر قادر ہے۔

الشوریٰ42 آیت50-49

## طلاق

سوال: عورتوں کے پاس جانے سے قبل طلاق ہوجائے تو کیا مہر دینا ضروری ہے؟

ج: اگر تم عورتوں کے پاس جانے یا انکا مہر مقرر کرنے سے پہلے طلاق دے دو تو تم پر کچھ گناہ نہیں ہاں ان کو اپنے دستور کے مطابق خرچ ضرور دو۔ البقرہ2 آیت236

2 اگر تم مہر مقرر کرچکنے کے بعد عورتوں کے پاس جانے سے پہلے طلاق دو تو پھر تم کو نصف (آدھا) دینا ہوگا۔

البقرہ2 آیت237

سوال: طلاق کب دینی چاہیئے؟

ج: اے پیغمبر (مسلمانوں سے کہہ دو) کہ جب اپنی عورتوں کو طلاق دینے لگو تو ان کی عدت کے شروع (حیض کے بعد) میں طلاق دو۔ الطلاق 65 آیت 1

سوال: کیا طلاق کے بعد بیوی کو گھر سے نکال دینا چاہیئے؟

ج: اور تم ان کو ایام عدت گھروں سے نہ نکالو اور نہ وہ خود نکلیں۔ الطلاق 65 آیت 1

سوال: کیوں نہ نکالی جائیں؟

ج: کیا معلوم کہ اللہ کوئی سبیل (یا کوئی نئی بات) پیدا کردے۔ الطلاق 65 آیت 1

سوال: جب عدت ختم ہونے لگے تو کیا کرنا چاہیئے؟

ج: جب وہ اپنی میعاد کو پہنچ جائیں تو اچھی طرح رہنے دو یا اچھی طرح علیحدہ کردو۔

الطلاق 65 آیت 2

2 جب تم عورتوں کو طلاق دو اور وہ اپنی عدت ختم کرنے پر آئیں تو اب ان کو اچھی طرح بساؤ یا بھلائی کے ساتھ رخصت کردو۔ البقرہ 2 آیت 231

سوال: عدت کی مدت کتنی ہے؟

ج: طلاق والی عورتیں اپنے آپ کو تین حیض تک روکے رکھیں ان کو حلال نہیں کہ اللہ نے ان کے رحم میں جو کچھ پیدا کیا ہے اس کو چھپائیں اگر ان کو خدا اور روز قیامت پر ایمان ہو تو ان کے خاوند اس مدت میں ان کو لوٹا لینے (رجوع کرنے) کے زیادہ حقدار ہیں۔

البقرہ 2 آیت 227

2 اگر (مطلقہ) عورتیں جو حیض سے ناامید ہو چکی ہوں اگر تم کو شبہ ہو تو ان کی مدت تین ماہ اور ان کی بھی جن کو ابھی حیض نہ آیا ہو اور حمل والی عورتوں کی عدت وضع حمل تک ہے۔

الطلاق 65 آیت 4



سوال: اگر کسی کے شوہر کا انتقال ہو گیا ہو اس کی عدت کب تک ہوگی؟

ج: اور تم میں سے جو لوگ مر جائیں اور عورتیں چھوڑ جائیں تو وہ عورتیں چار مہینے دس دن اپنے آپ کو روکے رہیں

البقرہ 2 آیت 234

سوال: کیا رخصتی سے قبل طلاق پر عدت ہے؟

ج: مومنو جب تم مومن عورتوں سے نکاح کر کے ان کو ہاتھ لگانے سے قبل طلاق دے دو تو تم کو یہ اختیار نہیں کہ عدت پوری کراؤ۔ الاحزاب 33 آیت 49

سوال: طلاق کتنی مرتبہ ہے؟

ج: طلاق دو مرتبہ ہے پھر یا تو عورتوں کو بطریق شائستہ نکاح میں رہنے دینا چاہیئے یا علیحدہ کر دینا چاہیئے۔

البقرہ 2 آیت 229

سوال: دو طلاق کے بعد عدت کے دوران اگر شوہر رجوع نہ کرے تو کیا پھر وہ پہلے شوہر کے لئے حلال ہوگی؟

ج: اگر شوہر طلاق دے دے (دو کے بعد تیسری بھی) تو وہ عورت جب تک دوسرے مرد سے نکاح (شرائط نکاح کو پورا کر کے) نہ کرے حلال نہ ہوگی۔ البقرہ 2 آیت 230

سوال: طلاق کے بعد عورت دوسری شادی کب کر سکتی ہے؟

ج: اور جب تک عدت پوری نہ ہو جائے نکاح کا پختہ ارادہ نہ کرنا۔

البقرہ 2 آیت 235

سوال: اگر شوہر مر جائے تو عورتوں کے لئے کیا وصیت کر جائیں؟

ج: اور جو لوگ تم میں سے مر جائیں اور عورتیں چھوڑ جائیں تو وہ اپنی عورتوں کے لئے وصیت کر جائیں کہ ان کو ایک سال تک خرچ دیا جائے اور گھروں سے نہ نکالی جائیں اور اگر وہ خود جانا چاہیں اور پسندیدہ کام (نکاح) کر لیں تو تم پر کوئی گناہ نہیں۔ البقرہ 2 آیت 240

سوال: کیا مطلقہ عورت کو بھی کچھ دینا چاہیئے؟

ج: اور مطلقہ عورتوں کو بھی دستور کے مطابق نان نفقہ دینا چاہیئے، پرہیزگاروں پر (یہ بھی) حق ہے۔

البقرہ 2 آیت 241

سوال: اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے پاس نہ جانے کی قسم کھالے تو؟

ج: جو لوگ اپنی بیویوں کے پاس نہ جانے کی قسم کھالیں تو وہ چار مہینے انتظار کریں اور وہ اگر (اس عرصے میں قسم سے) رجوع کرلیں تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ البقرہ 2 آیت 226

سوال: مومن عورتیں اگر باہر نکلیں تو کس طرح؟

ج: اے پیغمبر اپنی بیویوں بیٹیوں اور مسلمان عورتوں سے کہہ دو کہ (جب باہر نکلیں) تو اپنے اوپر اپنی چادر لٹکا لیا کریں۔ الاحزاب 33 آیت 59

سوال: عورتیں کن سے پردہ نہ کریں؟

ج: عورتوں پر اپنے باپوں سے (پردہ نہ کرنے میں) کچھ گناہ نہیں اور نہ اپنے بیٹوں، بھائیوں، بھانجوں، بھتیجوں سے اور نہ اپنی قسم کی عورتوں سے اور نہ لونڈیوں سے اور اللہ سے ڈرتی رہو۔

النور 24 آیت 31 , الاحزاب 33 آیت 55

سوال: اللہ نے مومن مردوں کو کیا حکم دیا؟

ج: مومن مردوں سے کہہ دو کہ وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرم گاہ کی حفاظت کریں۔

النور 24 آیت 30

سوال: مومن عورتوں کے لئے کیا حکم ہے؟

ج: مومن عورتوں سے بھی کہہ دو کہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں اور اپنی آرائش (زینت) کو ظاہر نہ کریں۔ النور 24 آیت 31



## وراثت

سوال: کیا مرنے والا وصیت کرسکتا ہے؟

ج: تم پر فرض کیا جاتا ہے کہ جب تم میں سے کسی کی موت کا وقت آجائے اور وہ اگر کچھ مال چھوڑ جانے والا ہو تو ماں باپ رشتہ داروں کے لئے دستور کے مطابق وصیت کرجائے (اللہ) ڈرنے والوں پر یہ ایک حق ہے۔

البقرہ 2 آیت 180

سوال: اگر وصیت سننے والا اس کو بدل ڈالے تو؟

ج: جو شخص وصیت سننے کے بعد بدل ڈالے تو اس کا گناہ ان لوگوں پر ہے جو اس کو بدل ڈالیں۔

البقرہ 2 آیت 181

سوال: اگر وصیت میں حق تلفی ہوئی ہو تو؟

ج: اگر کسی وصیت کرنے والے کی طرف سے جانب داری یا حق تلفی کا اندیشہ ہو تو پس ان میں آپس میں اصلاح (صلح) کرادے تو اس پر کوئی گناہ نہیں۔ البقرہ 2 آیت 182

سوال: وراثت کی تقسیم سے قبل وصیت کے ساتھ اور چیز دیکھنی چاہیئے؟

ج: حصے (وراثت) کی تقسیم مرحوم کی وصیت کی تکمیل اور ادائیگی قرض کے بعد ہوگی۔

النساء 4 آیت 11

سوال: کیا وراثت میں حصے اللہ نے مقرر کیئے ہیں؟

ج: ماں باپ عزیز و اقارب کے ترکے میں مردوں کا حصہ بھی ہے اور عورتوں کا بھی خواہ وہ مال کم ہو یا زیادہ اسمیں حصے اللہ کے کیے مقرر ہوئے ہیں۔ النساء 4 آیت 7

2 یہ حصے اللہ تعالیٰ کیطرف سے مقرر ہیں بیشک اللہ تعالیٰ پورے علم اور کامل حکمتوں والا ہے۔ النساء 4 آیت 11

3 ماں باپ قرابت دار جو چھوڑ مریں اس کے وارث ہم نے ہر شخص کے مقرر کردیئے ہیں

اور جن سے معاہدہ کیا ان کو حصہ دو۔ النساء4 آیت33

سوال: کیا وراثت سے یتیم اور محتاج کو بھی دینا چاہیئے؟

ج: جب میراث کی تقسیم کے وقت رشتہ دار یتیم اور محتاج آ جائیں اور ان کو بھی اس میں سے کچھ حصہ دے دیا کرو اور ان سے نرمی سے بات کرو۔ النساء4 آیت8

سوال: اگر کسی کے پاس یتیموں کا مال ہو تو کیا کرے؟

ج: یتیموں کا مال ان کے حوالے کردو اور حلال چیز کے بدلے ناپاک اور حرام چیز نہ لو اور اپنے مالوں میں ان کو ملا کر نہ کھاؤ یہ سخت گناہ ہے۔ النساء4 آیت2

2 اور یتیموں کو بالغ ہونے تک ان کو سدھارتے اور آزماتے رہو اور جب ان میں ہوشیاری جن تدبیر (عقل میں پختگی) پاؤ تو انکا مال ان کے حوالے کردو۔ النساء4 آیت6

سوال: یتیم کا مال کھانے والے کی کیا سزا ہے؟

ج: جو لوگ ناحق ظلم سے یتیموں کا مال کھا جاتے ہیں وہ اپنے پیٹ میں آگ بھرتے ہیں اور عنقریب دوزخ میں جائیں گے۔ النساء4 آیت10

سال: بیٹے اور بیٹیوں کا کتنا حصہ ہے؟

ج: اللہ تعالیٰ تم کو تمھاری اولاد کے بارے میں حکم دیتا ہے کہ ایک لڑکے کا حصہ دو لڑکیوں کے برابر ہے۔

النساء4 آیت11

سوال: اگر صرف لڑکیاں ہوں؟

ج: اگر دو یا زیادہ صرف لڑکیاں ہیں تو ان کو کل ترکہ کا دو تہائی (2/3) ملے گا۔

النساء4 آیت11

سوال: اگر صرف ایک لڑکی ہو تو؟

ج: اگر ایک لڑکی ہو تو اس کے لئے (1/2) آدھا ہے۔ النساء4 آیت11



سوال: اگر اولاد کے ساتھ ماں باپ بھی ہو تو؟

ج: میت کے ماں باپ میں سے ہر ایک کو مال کا چھٹا حصہ اگر اس کی اولاد ہو تو۔

النساء4 آیت11

سوال: اگر اولاد نہ ہو صرف ماں باپ ہو تو؟

ج: اگر میت کے اولاد نہ ہو اور ماں باپ ہو تو اس کی ماں کے لئے تیسرا حصہ ہے۔

النساء4 آیت11

سوال: اگر ماں باپ کے ساتھ بھائی بھی ہو تو؟

ج: اگر میت کے کئی بھائی ہو تو پھر ماں کا چھٹا حصہ ہے۔ النساء4 آیت11

سوال: اگر بیوی مر جائے اور اولاد نہ ہو تو شوہر کا حصہ؟

ج: تمھاری بیویاں اگر کچھ چھوڑ مریں اور کوئی اولاد نہ ہو تو اسمیں سے نصف (1/2) حصہ تمھارا النساء4 آیت12

سوال: اگر اولاد ہو تو پھر؟

ج: اگر اولاد ہو تو شوہر کا حصہ چوتھائی (1/4) حصہ ہوگا۔ النساء4 آیت12

سوال: اگر شوہر مر جائے اور اولاد نہ ہو تو بیوی کا حصہ؟

ج: اور جو مال (ترکہ) تم چھوڑ مرو تو اسمیں بیوی کا حصہ چوتھا حصہ (1/4) ہے اگر اولاد نہ ہو۔

النساء4 آیت12

سوال: اگر اولاد ہو تو بیوی کا حصہ؟

ج: اگر تمھاری اولاد ہو تو بیوی کا حصہ آٹھواں (1/8) ہوگا۔النساء4 آیت12

سوال: اگر اولاد اور ماں باپ نہ ہو صرف بہن بھائی ہو تو؟

ج: اگر ایسے مرد و عورت (کلالہ) یعنی اس کا باپ اور بیٹا نہ ہو اور اسکا ایک بھائی اور ایک

بہن ہوتو ان دونوں میں ہر ایک کا حصہ چھٹا (1/6) ہے اور اگر اس سے زیادہ ہوتو ایک تہائی میں سب شریک ہونگے۔

النساء4 آیت12

سوال: اگر کسی کی اولاد اور ماں باپ نہ ہو صرف بہن ہوتو؟

ج: اللہ (کلالہ) کے بارے میں حکم دیتا ہے کہ اگر کوئی ایسا مرد مر جائے جس کی اولاد نہ ہو اور نہ ماں باپ اور اس کی بہن ہوتو اس کو بھائی کے ترکہ میں سے آدھا (1/2) ملے گا۔

النساء4 آیت176

سوال: اگر کلالہ بہن مر جائے تو؟

ج: اگر بہن مر جائے اور اس کی اولاد نہ ہوتو اس کے تمام مال کے وارث اس کے بھائی ہونگے۔

النساء4 آیت176

سوال: اگر کلالہ بھائی کی دو بہنیں ہوتو؟

ج: اگر مرنے والے بھائی کی دو بہنیں ہوتو دونوں کو بھائی کے ترکے میں سے دو تہائی (2/3) حصہ ہے۔

النساء4 آیت176

سوال: اگر کلالہ کے بہن اور بھائی ہوتو؟

ج: اگر بہن اور بھائی یعنی مرد اور عورتیں ملے جلے وارث ہوتو مرد کا حصہ دو عورتوں کے حصے کے برابر ہے۔

النساء4 آیت176

سوال: اللہ نے یہ تفصیل کیوں بیان کی؟

ج: اللہ تعالیٰ نے یہ تمھارے لئے اس لئے بیان کی ہیں کہ تم بھٹکتے نہ پھرو اور اللہ ہر چیز سے واقف ہے۔

النساء4 آیت176



## قیامت

سوال: کیا حساب کتاب کا دن (قیامت) دور ہے؟

ج: لوگوں کے حساب کتاب کا دن قریب آ گیا ہے اور وہ غفلت میں پڑے اس سے منہ پھیر رہے ہیں۔

النساء21 آیت1

سوال: قیامت کب آئے گی؟

ج: لوگ آپ ﷺ سے پوچھتے ہیں کہ قیامت کب آئے گی آپ ﷺ کہہ دیں کہ اسکا علم تو اللہ ہی کے پاس ہے تمھیں کیا معلوم کہ قیامت قریب آ گئی ہے۔

الاحزاب33 آیت63

2 آپ ﷺ کہہ دیں کہ اسکا (قیامت) علم تو اللہ ہی کو ہے اور میں تو کھول کھول کر سنانے والا ہوں۔

الملک67 آیت26

3 آپ ﷺ کہہ دیں کہ جس دن کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے میں نہیں جانتا کہ وہ دن قریب آنے والا ہے یا کہ اللہ نے اس کی مدت دراز کر دی ہے۔ الجن72 آیت25

4 آپ ﷺ کہہ دیں کہ اسکا علم تو میرے پروردگار کو ہے وہ ہی اسے اس کے وقت پر ظاہر کرے گا۔

الاعراف7 آیت187

سوال: قیامت کس طرح آئے گی؟

ج: وہ اللہ جس دن فرمائے گا ہو جا تو حشر برپا ہو جائے گا اور جس دن صور پھونکا جائے گا۔

انعام6 آیت73

2 صرف ایک زوردار آواز کا ہونا ہوگا کہ سب کے سب اللہ کے روبرو حاضر ہوں گے۔

یسین36 آیت53

3 وہ تو ایک زوردار آواز ہوگی اور یہ اس وقت دیکھنے لگیں گے۔

الصفت37 آیت19

4 اور یہ لوگ تو صرف ایک زوردار آواز کا انتظار کرتے ہیں جس میں کچھ وقفہ نہیں ہوگا۔

ص38 آیت15

سوال: کیا قیامت کے دن صور پھونکا جائے گا؟

ج: اور صور پھونکا جائے گا اور ہم (اللہ) سب کو جمع کر لیں گے۔

الکھف 18 آیت 99

2 اور صور پھونکا جائے گا یہ ہی عذاب کے وعدہ کا دن ہے۔ ق50 آیت20

3 جس دن لوگ چیخ سن لیں گے وہی دن ہوگا نکلنے کا۔ ق50 آیت42

4 پس جبکہ صور میں ایک پھونک پھونکی جائے گی۔ الحاقہ 69 آیت13

5 اور جس دن صور پھونکا جائے گا۔ انعام6 آیت73

6 جس روز صور پھونکا جائے گا اور ان کی آنکھیں نیلی نیلی ہوں گی۔

طحٰہ 20 آیت102

سوال: قیامت میں لوگ کس طرح ہونگے؟

ج: اور قیامت کے دن یہ لوگ اسطرح ہونگے جیسے بکھرے ہوئے پتنگے۔

القارعہ 101 آیت4

سوال: کیا قیامت کے دن انسان دوڑے گا؟

ج: اور جس وقت صور پھونکا جائے گا یہ قبروں سے نکل کر اپنے پروردگار کی طرف دوڑے گا

یسین 36 آیت51

2 قیامت کے دن انسان قبروں سے نکل کر اسطرح دوڑیں گے جیسے شکاری شکار کے جال کی طرف دوڑتا ہے

(المارج70 آیت43)

3 اور جس روز صور پھونکا جائے گا اور جو لوگ آسمان میں اور زمین میں ہیں سب گھبرا



اٹھیں گے مگر وہ جسے اللہ چاہے اور سب اللہ کے پاس عاجز ہو کر چلے آئیں گے۔

النمل 27 آیت 87

4 جس دن صور پھونکا جائے گا تم لوگ فوج در فوج چلے آؤ گے۔ النبا78 آیت18

سوال: قیامت کے دن آسمان کی کیا حالت ہوگی؟

ج: اس دن آسمان پھٹ جائے گا یہ اللہ کا وعدہ پورا ہو کر رہے گا۔ المزمل73 آیت18

2 اور جب آسمان پھٹ جائے گا۔

1 الانشقاق84 آیت1 .2 الانفطار82 آیت1 .3 المرسلت77 آیت9

3 آسمان کھول دیا جائے گا اور اس میں دروازے دروازے ہوجائیں گے۔

النباء78 آیت19

4 آسمان کی کھال کھینچ لی جائے گی۔ التکویر81 آیت 11

سوال: قیامت کے دن پہاڑ کیسے ہوجائیں گے؟

ج: اور تم پہاڑ کو دیکھتے ہو تو یہ خیال کرتے ہو کہ یہ یونہی کھڑے رہیں گے اس دن یہ پہاڑ اس طرح اڑتے پھریں گے جیسے بادل۔ النمل 27 آیت88

2 قیامت کے دن زمین اور پہاڑ تھرتھرا جائیں گے اور پہاڑ مثل بھربھری ریت کے ٹیلوں کے ہوجائیں گے۔

المزمل73 آیت14

3 اور پہاڑ چلائے جائیں گے بس وہ اب (ریت) ہوجائیں گے۔

النباء78 آیت20

4 اور پہاڑ ایسے ہوجائیں گے جیسے دھنی ہوئی رنگ برنگ اون۔

.1 القارعہ 101 آیت5 .2 المارج70 آیت9

سوال: زمین کو کیا کر دیا جائے گا؟

ج: زمین ہموار کر دی جائے گی۔ الانشقاق 84 آیت 3

سوال: قیامت کے دن زمین میں کیا آئے گا؟

ج: قیامت کے دن زمین بھونچال سے ہلا دی جائے گی۔ الزلزال 99 آیت 2

2 جس دن زمین کو بھونچال آئے گا۔ النزاعت 79 آیت 6

سوال: قیامت کے دن زمین کیا کرے گی؟

ج: اور زمین اپنے اندر کا بوجھ نکال ڈالے گی۔ الزلزال 99 آیت 2

سوال: قیامت کے دن سورج کی کیا حالت ہوگی؟

ج: قیامت کے دن سورج لپیٹ لیا جائے گا۔ التکویر 81 آیت 1

سوال: قیامت کے دن چاند کیسا ہو جائے گا؟

ج: اور چاند گہنا ہو جائے گا۔ القیمہٰ 75 آیت 8

سوال: تارے کیسے ہو جائیں گے؟

ج: قیامت کے دن تاروں کی چمک جاتی رہے گی۔ المرسلت 77 آیت 8

2 قیامت کے دن تارے بے نور ہو جائیں گے۔ التکویر 81 آیت 2

3 قیامت کے دن تارے جھڑ پڑیں گے۔ الانفطار 82 آیت 2

سوال: قیامت کے دن سمندر کیا ہو جائیں گے؟

ج: جب سمندر ملا دیئے جائیں گے۔ الانفطار 82 آیت 3

2 جب سمندر بھڑکائے جائیں گے۔ التکویر 81 آیت 6

سوال: قیامت کے دن انسان کیا کہے گا؟

ج: انسان قیامت کے دن کہے گا کہ اب کہاں بھاگ جاؤں۔ القیمہٰ 75 آیت 10



سوال: قیامت کے ایک دن کی مقدار دنیا کے کتنے سالوں کے برابر ہوگی؟

ج: ایک دن جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہوگی۔ المارج 70 آیت 4

سوال: قیامت کے دن اللہ کے عرش کو کتنے فرشتوں نے اٹھایا ہوا ہوگا؟

ج: اور تیرے پروردگار کا عرش اس دن آٹھ فرشتے اپنے اوپر اٹھائے ہوئے ہونگے۔

**الحاقة** 69 آیت 17

سوال: قیامت میں بچے کس طرح ہو جائیں گے؟

ج: قیامت کا دن بچوں کو بوڑھا کر دے گا۔ المزمل 73 آیت 17

سوال: قیامت کے دن انسان کی آنکھیں کس طرح ہو جائیں گی؟

ج: قیامت کے دن انسان کی نگاہ پتھرا جائے گی۔ القیمہٰ 75 آیت 7

2 مجرموں کی نگاہیں جھکی ہوں گی۔ النزعت 79 آیت 9

سوال: قیامت کے دن کیا صرف انسان جمع ہونگے؟

ج: تیرے رب کی قسم ہم انہیں اور شیطانوں کو (قیامت) میں جمع کر کے ضرور ضرور جہنم کے ارد گرد گھٹنوں کے بل گرے ہوئے حاضر کر دیں گے۔ مریم 19 آیت 68

سوال: قیامت کے دن کوئی اللہ کی اجازت کے بغیر بول سکے گا؟

ج: جس دن قیامت آ جائے گی مجال نہ ہوگی کہ اللہ کی اجازت کے بغیر کوئی بات بھی کرے۔

ھود 11 آیت 105

سوال: قیامت کے دن انسان قبروں سے نکلتے وقت کیا کہے گا؟

ج: صور کے پھونکے جاتے ہی سب کے سب اپنی قبروں سے اپنے پروردگار کی طرف تیز تیز چلیں گے اور کہیں گے کہ ہائے ہائے ہمیں ہماری خواب گاہوں سے کس نے اٹھایا۔

یسین 36 آیت 51-52

سوال: قیامت کے دن گناہ گار لوگ دنیا میں اپنے قیام کی مدت کتنی بتائیں گے؟

ج: اور جس دن قیامت برپا ہو جائے گی گناہ گار لوگ قسمیں کھائیں گے کہ وہ دنیا میں ایک گھڑی کے سوا نہیں ٹھیرے۔

الروم 30 آیت 55

سوال: گناہ گار لوگ کس طرح کھڑے ہونگے؟

ج: آپ ﷺ اس دن گناہ گاروں کو دیکھیں گے کہ وہ زنجیروں میں ملے جلے ایک جگہ جکڑے ہوئے ہونگے۔

ابراہیم 14 آیت 49

سوال: گناہ گار کس طرح کے لباس میں ہونگے؟

ج: ان کے لباس گندھک کے ہوں گے اور آگ ان کے چہروں پر چڑھی ہوگی۔

ابراہیم 14 آیت 15

سوال: کیا قیامت کے دن انسان صرف اپنی فکر میں اپنے قریبی عزیزوں سے بھاگے گا؟

ج: اور جب کان بہرے کر دینے والی قیامت آجائے گی اس دن آدمی اپنی ماں اور باپ سے اپنی بیوی اور اپنی اولاد سے بھاگے گا ہر شخص کو اس دن ایسی فکر (دامن گیر) ہوگی جو اس کے لئے کافی ہوگی۔

عبس 80 آیت 33 تا 37

سوال: کیا قیامت کے دن رسول اپنی امت پر گواہ ہوگا؟

ج: بھلا اس دن کیا حال ہوگا جب ہم (اللہ) ہر امت میں سے حال بتانے والے (رسول) کو بلائیں گے اور آپ ﷺ کو ان لوگوں پر گواہ بنا کر لائیں گے۔ النساء 4 آیت 41

سوال: اللہ نے موت اور زندگی کو کیوں پیدا کیا؟

ج: اللہ نے موت اور زندگی کو اس لئے پیدا کیا تا کہ وہ تمھاری آزمائش کرے کہ تم میں سے کون اچھا کام کرتا ہے۔

الملک 67 آیت 2



سوال: قیامت کے دن گناہ گار لوگ فدیے میں کیا کیا دینے میں تیار ہونگے؟

ج: قیامت کے دن گناہ گار خواہش کرے گا کہ کس طرح اس دن کے عذاب کے بدلے میں سب کچھ دے دے۔یعنی اپنے بیٹے اپنی بیوی اور اپنے بھائی اپنا خاندان جسمیں وہ رہتا ہے اور جتنے آدمی زمین پر ہیں غرض سب کچھ دے دے اور اپنے آپ کو عذاب سے چھڑا لے۔

المعارج 70 آیت 11 تا 14

سوال: قیامت کے دن کیا انفرادی طور پر پیش ہونگے؟

ج: اور قیامت کے دن اس (اللہ) کے سامنے اکیلے اکیلے حاضر ہوں گے۔

مریم 19 آیت 95

سوال: قیامت کے دن انسانوں کے منہ (چہرے) کس کس رنگ کے ہونگے؟

ج: قیامت کے دن بہت سے منہ (چہرے) سفید ہونگے اور بہت سے سیاہ۔اللہ ان سے پوچھے گا کہ کیا تم ایمان لا کر کافر ہو گئے تھے۔سو اس کفر کے بدلے عذاب چکھو اور جن کے (چہرے) منہ سفید ہونگے وہ اللہ کی رحمت میں ہونگے اور ان میں ہمیشہ رہیں گے۔

آل عمران 3 آیت 106-107

سوال: کیا قیامت کے دن انسان کو اس کے اعمال بتا دیئے جائیں گے؟

ج: قیامت کے دن انسان کو جو (عمل) اس نے آگے بھیجے ہونگے اور جو پیچھے چھوڑے ہونگے سب بتا دیئے جائیں گے۔ القیمۃ 75 آیت 13

2 اس دن لوگ گروہ گروہ ہو کر آئیں گے تا کہ ان کو ان کے اعمال دکھائے جائیں تو جس نے ذرہ برابر نیکی کی ہوگی وہ اس کو دیکھ لے گا اور جس نے ذرہ برابر برائی کی ہوگی وہ اس کو دیکھ لے گا۔

الزلزال 99 آیت 6 تا 8

## جنت

سوال: قیامت کے دن ایمان والوں کا کیا حال ہوگا؟

ج: جولوگ ایمان لائے نیک عمل کرتے رہے اور نماز پڑھتے اور زکواۃ دیتے رہے ان کو ان کے کاموں کا صلہ اللہ کے ہاں ملے گا اور قیامت کے دن ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہونگے۔

البقرہ 2 آیت 277

2 جن لوگوں نے نیکی کی ان کے لئے بھلائی ہے اور مزید براں بھی ان کے چہروں پر نہ تو سیاہی چھائی ہوگی اور نہ رسوائی یہ لوگ جنت میں رہنے والے ہیں اور اسمیں ہمیشہ رہیں گے۔

یونس 10 آیت 26

3 جو نیک بخت ہونگے وہ جنت میں داخل کیئے جائیں گے۔ ھود 11 آیت 108

سوال: کیا قیامت کے دن اختلافات کا فیصلہ ہوگا؟

ج: جس بات میں یہ لوگ اختلافات کرتے ہیں اللہ قیامت کے دن اسکا ان میں فیصلہ کردے گا

2 بے شک قیامت کے دن تمھارا پروردگار ان میں ان باتوں کا جن میں وہ اختلاف کرتے تھے فیصلہ کرے گا۔

الجاثیہ 45 آیت 17

سوال: کیا قیامت کے دن انسان کی زبان اور ہاتھ گواہی دیں گے؟

ج: قیامت کے دن ان (انسانوں) کی زبانیں اور ہاتھ اور پاؤں سب ان کے کاموں کی گواہی دیں گے۔

النور 24 آیت 24

سوال: قیامت کے دن مومن مرد و عورت کے ساتھ کیا چیز چلے گی؟

ج: قیامت کے دن مومن مرد اور مومن عورتوں کو دیکھو گے کہ ان (کے ایمان) کا نور ان کے آگے آگے اور داہنی طرف چل رہا ہوگا (اور ان سے کہا جائے گا کہ) تم کو بشارت ہو (آج تمھارے لئے) باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔ الحدید 57 آیت 12



سوال: جنتی لوگوں سے فرشتے کیا کہیں گے؟

ج: جن لوگوں نے کہا کہ ہمارا پروردگار اللہ ہے اور پھر اس پر قائم رہے ان پر فرشتے اتریں گے (اور کہیں گے) کہ نہ خوف کرو اور نہ غمناک ہو اور بہشت کی جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا خوشی مناؤ۔ ہم دنیا کی زندگی میں بھی تمھارے دوست تھے اور آخرت میں بھی (تمھارے رفیق ہیں) اور ہاں جس نعمت کو بھی جی چاہے تم کو ملے گی اور جو چیز طلب کرو گے تمھارے لئے موجود ہوگی۔ حٰم السجدہ 41 آیت 30-31

سوال: کون لوگ جنت میں جائیں گے؟

ج:1 جولوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے ہیں ان کو خوشخبری سنا دو ان کے لئے نعمت کے باغ ہیں۔

البقرہ 2 آیت 25

2 جولوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں ان کے لئے باغ ہیں۔

الاعراف 3 آیت 198

3 جو شخص اللہ اور اس کے پیغمبر کی فرمانبرداری کرے گا اللہ ان کو بہشتوں میں داخل کرے گا۔

النساء 4 آیت 13

4 جولوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے ہیں اور اللہ کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا ایسے ہی لوگ اہل بہشت ہیں۔ الاعراف 7 آیت 42

5 جولوگ ایمان لائے اور فرمانبردار ہونگے ان سے کہا جائے گا کہ تم اور تمھاری بیویاں عزت کے ساتھ (راضی خوشی) جنت میں داخل ہو جاؤ۔ الزخرف 43 آیت 69-70

سوال: جنت کن کے لئے تیار کی گئی ہے؟

ج: جنت اللہ سے ڈرنے والوں کے لئے تیار کی گئی ہے۔ آل عمران 3 آیت 133

سوال: اللہ نے مومن مرد و عورتوں سے کیا وعدہ کیا ہے؟

ج: مومن مرد اور عورتوں سے اللہ نے جنت کا وعدہ کیا ہے۔ التوبہ 9 آیت 72

سوال: اللہ کن لوگوں پر رحم فرمائے گا؟

ج: مومن مرد اور عورتیں ایک دوسرے کے دوست ہیں وہ بھلائیوں کا حکم دیتے اور اور بری باتوں سے منع کرتے ہیں اور نماز پڑھتے اور زکواۃ ادا کرتے ہیں اور اللہ اور اس کے پیغمبروں کی اطاعت کرتے ہیں یہ ہی لوگ ہیں جن پر اللہ رحم کرے گا۔ التوبہ 9 آیت 71

سوال: نیک لوگ کہاں ہونگے؟

ج: جو پرہیزگار ہیں وہ باغوں اور نعمتوں میں ہونگے۔ الطّور 52 آیت 17

2 جو لوگ ایمان لائے نیک عمل کرے اللہ اس دن ان کی برائیاں دور کرے گا اور ان کو باغ ہائے بہشت میں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہونگی داخل کرے گا۔

1.الطلاق 65 آیت 11 .2التغابن 64 آیت 9

سوال: جنت میں کون کون سی نہریں ہیں؟

ج: جنت جسکا پرہیزگار لوگوں سے وعدہ کیا جاتا ہے اس کی صفت یہ ہے کہ اسمیں پانی کی نہریں ہیں جو بو نہیں کرے گا اور دودھ کی نہریں ہیں جسکا مزہ نہیں بدلے گا۔ اور شراب کی نہریں ہیں جو پینے والوں کے لئے (سراسر) لذت ہے اور شھد مصفا کی نہریں ہیں۔

محمد 47 آیت 15

سوال: جنت میں کیا کھانے ہونگے؟

ج: جنت میں بہت سے میوے ہیں۔ الزخرف 43 آیت 73

2 ہر طرح کے میوے ہیں۔ محمد 47 آیت 15

3 جس طرح کے میوے اور گوشت کو انکا جی چاہے گا ہم (اللہ) ان کو عطا کریں گے۔

الطّور 52 آیت 22



4 میوے جس طرح ان کو پسند ہو اور پرندوں کا گوشت جس قسم کا ان کو جی چاہے۔

الواقعہ 56 آیت 20-21

5 ان میں میوے اور کھجور اور انار ہیں۔ الرحمٰن 55 آیت 68

سوال: نیک لوگوں کے جنت میں کون رفیق ہونگے؟

ج: بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں کو ہم انکا رفیق بنا دیں گے۔ الطّور 52 آیت 20

2 جنت میں نیک سیرت اور خوبصورت عورتیں ہیں۔ الرحمٰن 55 آیت 70

3 اللہ نے بڑی بڑی آنکھوں والی سفید رنگ کی عورتوں سے اہل جنت کے جوڑے لگائے گئے

الجاثیہ 45 آیت 24

سوال: کیا ان عورتوں کو اہل جنت سے قبل کسی نے ہاتھ لگایا ہوگا؟

ج: جنت میں نیچی نگاہ والی عورتیں ہیں جن کو اہل جنت سے قبل نہ کسی انسان نے ہاتھ لگایا نہ جن نے۔

الرحمٰن 55 آیت 56-74

سوال: اہل جنت کس طرح بیٹھے ہونگے؟

ج: سبز قالینوں اور نفیس مسندوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہونگے۔ الرحمٰن 55 آیت 76

2 (لعل و یاقوت سے) جڑے تختوں پر آمنے سامنے تکیہ لگائے ہوئے۔

الواقعہ 56 آیت 15-16

سوال: اہل جنت کونسا لباس پہنے ہونگے؟

ج: حریر کا باریک لباس اور دبیز لباس پہن کر ایک دوسرے کے سامنے بیٹھے ہونگے۔

الجاثیہ 45 آیت 53

سوال: کیا جنت میں خدمت گار ہونگے؟

ج: نوجوان خدمت گار (جو ایسے ہونگے) جیسے چھپائے ہوئے موتی ان کے آس پاس

پھریں گے۔ 1 الطّور52 آیت24 2 الواقعہ56 آیت17

سوال: اہل جنت کے لئے جنت میں کیا کیا چیز ہوگی؟

ج: اہل جنت کے چاروں طرف سونے کی رکابیاں (پلیٹ) اور سونے کے گلاس کا دور چلے گا ان کے دل جس چیز کی خواہش کریں اور جن سے ان کی آنکھیں لذت پائیں سب وہاں ہوگا۔

الزخرف43 آیت71

سوال: جنت میں کب تک رہے گے؟

ج: اسمیں ہمیشہ رہیں گے۔

الزخرف43 آیت71 آل عمران3 آیت107

البقرہ2 آیت25 آل عمران3 آیت198

سوال: جنت کا عرض کتنا ہے؟

ج: اسکا عرض آسمان اور زمین کے برابر ہے۔ 1 آل عمران3 آیت133

2 الحدید57 آیت21

سوال: اہل جنت نعمتوں کو دیکھ کر کیا کہیں گے؟

ج: (جب وہ) ان میں (ان کی نعمتوں کو دیکھے گے تو بے ساختہ) کہیں گے کہ سبحان اللہ اور آپس میں ان کی دعا سلام ہوگی اور انکا آخری قول یہ ہوگا کہ اللہ رب العالمین کی حمد (اسکا شکر) ہے۔

یونس10 آیت10

سوال: نیک لوگوں سے جب گناہ سرسرز ہو جاتا ہے تو؟

ج: جب کوئی کھلا گناہ یا اپنے حق میں کوئی برائی کر بیٹھتے ہیں تو اللہ کی یاد کرتے اور اپنے گناہوں کی بخشش مانگتے ہیں اللہ کے سوا بخش بھی کون سکتا ہے اور جان بوجھ کر اپنے فعل پر اڑے نہیں رہتے۔

آل عمران3 آیت135

2 جو کوئی شخص برا کام کر بیٹھے یا اپنے حق میں ظلم کرلے پھر اللہ سے بخشش مانگے تو اللہ کو بخشنے والا اور مہربان پائے گا



النساء4 آیت110

3 جو کوئی تم میں سے نادانی سے بری حرکت کر بیٹھے اور پھر اس کے بعد توبہ کرے اور نیکوکار ہو جائے تو اللہ بخشنے والا اور مہربان ہے۔ انعام6 آیت34

سوال: کیا نیک سفارش پر ثواب اور بری سفارش پر عذاب ملے گا؟

ج: جو شخص نیک بات کی سفارش کرے تو اس کو اس کے ثواب میں سے حصہ ملے گا اور جو بری بات کی سفارش کرے اس کو اس کے عذاب میں سے حصہ ملے گا۔ النساء4 آیت85

سوال: کیا دنیا کی زندگی دھوکہ کا سامان ہے؟

ج: ہر تنفس کو موت کا ذائقہ چکھنا ہے اور تم کو قیامت کے دن تمھارے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا اور جو شخص آتش جہنم سے دور رکھا گیا اور جنت میں داخل کیا گیا وہ مراد کو پہنچ گیا اور دنیا کی زندگی تو دھوکہ کا سامان ہے۔

آل عمران3 آیت185

سوال: متقی اور اللہ سے ڈرنے والوں کا کیا انجام ہے؟

ج: بے شک اللہ سے ڈرنے والے امن و چین میں ہونگے یعنی باغوں اور چشموں میں جو حریر کا باریک اور دبیز کا ریشم کا لباس پہنے ہوئے آمنے سامنے بیٹھے ہونگے وہاں ہم بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں سے انکا نکاح کردیں گے جہاں وہ دل جمعی کے ساتھ ہر طرح کے میووں کی فرمائش کرتے ہونگے اور پہلی مرتبہ مرنے بعد ان کو موت کا مزہ نہیں دیا جائے گا یہ تمھارے پروردگار کا فضل ہے اور بہت بڑی کامیابی ہے۔ الدخان44 آیت51 تا57

## جہنم

سوال: گناہ گاروں کا کیا حال ہوگا؟

ج: جن لوگوں نے برے کام کیئے تو برائی کا بدلہ برابر ملے گا ان کے چہروں پر ذلت چھائے گی اور کوئی ان کو اللہ سے بچانے والا نہیں ہوگا ان کے چہروں پر سیاہی کا یہ عالم ہوگا کہ گویا ان پر اندھیری رات کے ٹکڑے اڑھا دیئے گے ہوں یہ ہی دوزخی ہیں اور ہمیشہ اسمیں رہے گے۔

یونس 10 آیت 27

2 جو بد بخت ہونگے وہ دوزخ میں ڈالے جائیں گے اور دوزخ میں ان کو چلانا اور دھاڑنا ہوگا

ھود 11 آیت 106

3 گناہ گاروں کو قیامت کے دن (اللہ) اوندھے منہ اندھے گونگے بہرے بنا کر اٹھائیں گے اور انکا ٹھکانہ دوزخ ہے۔ بنی اسرائیل 17 آیت 97

سوال: قیامت کے دن سود کھانے والوں کا کیا انجام ہوگا؟

ج: جو لوگ سود کھاتے ہیں وہ قیامت کے دن (قبروں) اس طرح اٹھیں گے جیسے کسی کو جن نے لپٹ کر دیوانہ بنا دیا ہو سود خور لوگ دوزخی ہیں اور ہمیشہ اسمیں جلتے رہیں گے۔

البقرہ 2 آیت 275

سوال: قیامت کے دن فرعون کا کیا انجام ہوگا؟

ج: قیامت کے دن فرعون اپنی قوم کا پیش رو ہو کر ان سب کو دوزخ میں جا کھڑا کرے گا اور یہ بہت ہی برا گھاٹ (ٹھکانہ) ہے جس پر یہ لا کھڑے کیئے جائیں گے۔

ھود 11 آیت 98

سوال: قیامت کے دن اللہ ہدایت چھپانے والوں کا کیا انجام کرے گا؟

ج: جو لوگ اللہ کی اتاری ہوئی کتاب چھپاتے ہیں اور اس کو تھوڑی سے قیمت پر بیچتے ہیں یقین مانو یہ لوگ اپنے پیٹ میں آگ بھر رہے ہیں قیامت کے دن اللہ ان سے بات نہیں کرے گا اور نہ ان کو پاک کرے گا ان کے لئے دکھ



دینے والا عذاب ہے۔ البقرہ 2 آیت 174

سوال: کیا جہنم کی آگ ٹھنڈی ہو سکتی ہے؟

ج: جب کبھی جہنم کی آگ بجھنے لگے گی تو ہم (اللہ) اس کو گناہ گاروں پر اور بھڑکا دیں گے۔

بنی اسرائیل 17 آیت 97

سوال: جہنم کے کتنے دروازے ہیں؟

ج: جہنم کے سات دروازے ہیں اور ہر دروازے کے لئے گناہ گاروں میں سے جماعتیں تقسیم کر دی گئی ہیں۔

الحجر 15 آیت 44

سوال: جہنم پر کتنے فرشتے (داروغہ) ہیں؟

ج: جہنم میں انیس فرشتے (داروغہ) مقرر ہیں۔ المدثر 74 آیت 30

سوال: قیامت کے دن گناہ گار لوگ اللہ تعالیٰ سے کیا دنیا میں لوٹنے کی تمنا کریں گے؟

ج: قیامت کے دن ظالموں کو دیکھو گے کہ جب وہ دوزخ کا عذاب دیکھیں گے تو کہیں گے کہ کیا دنیا میں واپس جانے کی کوئی سبیل ہے۔ الشوریٰ 42 آیت 44

2 گناہ گار لوگ اپنے پروردگار کے سامنے سر جھکائے ہوں گے اے پروردگار ہم نے دیکھ لیا اور سن لیا تو ہم کو دنیا میں واپس بھیج دے تاکہ نیک عمل کریں۔ السجدہ 32 آیت 12

3 قیامت کے دن جب ظالم لوگوں پر عذاب آ جائے گا تو یہ ظالم لوگ کہیں گے کہ اے ہمارے رب ہمیں تھوڑی مہلت عطا فرما تاکہ تیری دعوت قبول کر لیں اور تیرے پیغمبروں کے پیچھے چلیں۔

ابراہیم 14 آیت 44

4 کاش ہمیں دنیا میں پھر جانا ہوتو ہم مومنوں میں سے ہوجائیں۔

الشعراء 26 آیت 102

سوال: کیا قیامت کے دن کسی کی سفارش قبول ہوگی؟

ج: اوراس دن سے ڈرو جب کوئی کسی کے کچھ کام اور نہ کسی طرح کا بدلہ قبول کیا جائے گا اور نہ ہی لوگ مدد حاصل کرسکیں گے۔ البقرہ 2 آیت 48

2 اے ایمان والو اللہ نے جو تم کو دیا اس کو اس دن سے پہلے خرچ کرلو جس دن نہ سودا ہوگا اور نہ سفارش دوستی ہوسکے گی۔ البقرہ 2 آیت 254

3 قیامت کے روز کسی کی سفارش کچھ فائدہ نہیں دے گی مگر اس شخص کی جسے اللہ اجازت دے۔

طٰحٰہ 20 آیت 109

4 اور آسمان میں بہت سے فرشتے ہیں جن کی سفارش کوئی فائدہ نہیں دیتی مگر اس وقت کہ اللہ جس کے لئے چاہے اجازت دے۔ النجم 53 آیت 26

سوال: قیامت کے دن لوگ کتنے حصوں میں تقسیم ہونگے؟

ج: اور تم لوگ تین حصوں میں تقسیم ہوجاؤں گے 1 دائیں ہاتھ والے کیسے اچھے ہیں دائیں ہاتھ والے کیا (ہی چین میں) ہیں۔ اور بائیں ہاتھ والے (افسوس) بائیں ہاتھ والے کیا (گرفتار عذاب) ہیں اور آگے بڑھنے والے (ان کا کیا کہنا) وہ آگے بڑھنے والے ہیں۔

الواقعہ 56 آیت 7 تا 10

سوال: ایمان نہ لانے والوں کی سفارش قبول ہوگی؟

ج: جو لوگ ایمان نہ لائے یہاں تک کہ موت آ گئی تو (اس حال میں) سفارش کرنے والوں کی سفارش ان کے حق میں کچھ فائدہ نہ دے گی۔ المدثر 74 آیت 48

سوال: جہنم کی آگ کیا کرے گی؟

ج: ہم عنقریب گناہ گاروں کو سقر میں داخل کرینگے اور تم کیا سمجھے کہ سقر کیا ہے (وہ آگ ہے) نہ باقی رکھے گی نہ چھوڑے گی اور بدن کو جھلسا کر سیاہ کردیگی۔

المدثر 74 آیت 26 تا 29



سوال: جہنم میں کیا کھلایا جائے گا؟

ج: تھوہر کے درخت کھاؤ گے اور اسی سے پیٹ بھرو گے۔ الواقعہ 56 آیت 52,53

2 خاردار جھاڑ کے سوا ان کے لئے کوئی کھانا نہیں ہوگا۔ **الغاشیة** 88 آیت 6

سوال: جہنم میں کیا پلایا جائے گا؟

ج: ایک کھولتے ہوئے چشمے کا انکو پانی پلایا جائے گا۔ **الغاشیہ** 88 آیت 5

2 جہنم میں نہ ٹھنڈک کا مزاہ چکھیں گے اور نہ پینا نصیب ہوگا مگر گرم پانی اور بہتی پیپ۔

النباء 78 آیت 24,25

3 جہنم میں کھولتے پانی کی ضیافت ہے۔ الواقعہ 56 آیت 93

4 جہنم میں کھولتا ہوا پانی پیو گے۔ الواقعہ 56 آیت 54

## یا اللہ

یقیناً میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں عذاب قبر سے، آپ کی پناہ چاہتا ہوں جہنم کے عذاب سے اور آپ کی پناہ میں آتا ہوں مسیح دجال کے فتنے سے اور آپ کی پناہ میں آتا ہوں زندگی اور موت کے فتنے سے اور اے اللہ میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں گناہوں سے اور قرض سے۔

اے اللہ مجھے اور میرے ماں باپ کو اور تمام ایمان لانے واے مردوں اور عورتوں کو معاف کردے۔ آمین

طالب دعا:

اہل خانہ مرحوم مقبول حسین صدیقی، مرحوم اقبال حسین صدیقی ولد مقبول حسین صدیقی

مرحوم افتخار حسین صدیقی ولد مقبول حسین صدیقی، مرحوم شیخ اللہ بخش